پرہیز :۔ ترشی، دودھ، دہی اور دال مونگ سے بہتر ہے کہ پہلے کیسٹرائل پئیں تاکہ طبیعت صاف ہو جاوے۔ بعدہ دوائی کھائیں۔

جریان کے لیے

ماش کی دال سفید پیاز کے پانی میں ۳ یا ۴ دن تر کریں۔ اس کے بعد بھیڑ کے دودھ میں بھگو کر دال کو دھو کر صاف کریں اور خشک کر کے آٹا بنا دیں۔

۵ تولہ ول منقشر بیں موصلی سفید ۵ تولہ، املی کے بیج چھلے ہوئے (منقشر) چھوہارے کی گٹھلی سولہ تولہ۔ دانہ الائچی خورد ۲ ماشہ۔ باریک کر کے ہم وزن مصری ملا کر رکھ لیں۔
اور صبح و شام پانی یا دودھ سے کھائیں۔

آتشک کیلئے

منضج اور مسہل دے کر دس گیارہ دن بعد گولیاں بنا کر کھلادیں۔ پوست بیخ کسونڈی، چرائتہ۔ منڈی گل نیم، سیاہ مرچ۔ سادی لے کر کوٹ چھان کر پانی
یا پان کے پانی میں گولیاں چنے برابر بنالیں۔
خوراک:۔ صبح دو گولی ہمراہ تازہ پانی یا عرق شاہترہ اور شربت عناب کے دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ حکمی فائدہ ہوگا۔ بلا ضرر مجرب المجرب ہے۔
آتشک کے واسطے فصد بھی مفید ثابت ہوئی ہے۔ مطبوخ چھالوں والا بارہ یوم دینے سے آتشک کا قلع قمع ہو جاتا ہے۔

جریان و احتلام کیلئے

دوڈہ پوست نیم خام و نیم بریاں ۲ تولہ۔ سمندر سوکھ ۲ تولہ، صمغ عربی بریاں ۱ تولہ۔ بیج بند ۱ تولہ، اردسوڑہ ۲ تولہ۔ بھوسی اسپغول ۲ تولہ۔ رومی مصطگی ۱ تولہ عمدہ چینی دیسی۔ کل اشیاء کا سفوف بنادیں۔ ہفتہ بھر مسلسل ہمراہ عرق گاؤزبان یا دودھ۔
خوراک:۔ ۶ ماشہ صبح ۶ ماشہ شام۔ دودھ، چاول، ساگ، پالک اور سرد تر اشیاء کا استعمال رکھیں۔
پرہیز:۔ گرم و نفاخ اشیاء سے پرہیز کریں۔

مجرب سیلان الرحم

کشتہ پوست بیضہ مرغ ۱ تولہ۔ سنگ جراح ۲ تولہ۔ گوند ڈھاک ۲ تولہ۔ گل دھاوا ۱ تولہ۔ موچرس ۲ تولہ۔ مائیں ۱ تولہ۔ گل ارمنی ۶ ماشہ۔ گیری ۶ ماشہ۔ مصری ۵ تولہ۔

خوراک:۔ ہمراہ دودھ تازہ گائے بقدر ۷ ماشہ۔ صبح وشام دو ہفتہ عمل کریں گرم ادویات اور گرم غذا سے خصوصاً اچار، آم و بینگن سے پرہیز کریں۔

بواسیر کے لیے

جس عورت یا مرد کو بواسیر کی شکایت ہو تو اس کو چاہیے کہ عروج ماہ (شروع مہینہ) میں تو چندی جمعرات یا پیر یا جمعہ کو مشتری یا زہرہ کی ساعت میں چالیس نقش باوضو لکھے اور ہر روز ایک نقش دن تک کنوئیں کے پانی سے دھو کر پیئے، مجبوری میں نل کا پانی بھی استعمال کر سکتا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہوگی مجرب ہے۔ اس تعویذ کے پانی کو نہار منہ پیئے اور پینے کے آدھ گھنٹہ یا پونا گھنٹہ بعد ناشتہ کرے۔

نقش مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

۲۶۱۵۶۴	۲۶۱۵۷۷	۲۶۱۵۷۴	۲۶۱۵۷۱
۲۶۱۵۷۵	۲۶۱۵۷۰	۲۶۱۵۶۵	۲۶۱۵۷۶
۲۶۱۵۶۹	۲۶۱۵۷۲	۲۶۱۵۷۹	۲۶۱۵۶۶
۲۶۱۵۷۸	۲۶۱۵۶۷	۲۶۱۵۶۸	۲۶۱۵۷۳

بواسیر کے لیے

بواسیر بادی، لگر چھڈی کا پانی نکال کر آگ پر جوش دیویں۔ جب گاڑھا ہو جاوے تو کھرل میں ڈال کر اس کا دسواں حصہ کالی مرچ اور بیسواں حصہ ہینگ ڈال کر کھرل کریں پھر اور پانی لگر چھڈی کا ملا کر کھرل کریں، یعنی ۸ پہر کھرل کریں۔ جب خشک ہو جاوے تو گولیاں بقدر کنار جنگلی کے بنا دیں۔

خوراک:۔ ایک گولی صبح اور شام ہمراہ پانی کے استعمال کریں۔ بعدہ چرب عمقہ کھایا کریں۔

خونی بواسیر کے لیے

نسخہ رسونت، ہلیلہ زرد، گوگل، نرکچور، جملہ مساوی الوزن باریک کر کے پہلے آب ترب اور بعد لگر چھڈی میں کھرل کریں۔ یہ نسخہ بواسیر خونی کے لیے نہایت ہی مجرب ہے۔

بادی بواسیر کے لیے

نوشہ ۔ ۱ سرخ۔ راوندا سرخ، سوڈا ۲ سرخ میگنیشیا سلفاس ۲ سرخ آب چرائتہ ۵ تولہ میں مل کر صبح و شام پلانا بہت مفید ہے۔

حب مقل بواسیر خونی کو بہت مفید ہے۔ مقل ایک تولہ۔ آب لگر دندہ، لگر چھڈی میں حل کیا ہوا ہو، پوست ہلیلہ زرد، پوست ہلیلہ کابلی، ہلیلہ سیاہ، پوست ہلیلہ آملہ ہر ایک ۲ ماشہ، دم الاخوین گلنار کہربائے شمعی، گل ارمنی ہر ایک ایک ماشہ سب کو باریک کر کے چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔

خوراک :۔ ہر روز سوتے وقت غذا کے ۲ گھنٹے بعد ۳ گولی ہمراہ پانی استعمال کریں۔ مجرب ہے۔

بواسیر کے لیے

بوٹی دودھی کلاں ا تولہ، مرچ سیاہ ۶ عدد دونوں کو خوب اچھی طرح گھوٹ کر شیرہ نکالیں۔ کشتہ مذکور سنکھ کا بقدر ایک سرخ اس کے ہمراہ دیں اور بوٹی دودھی کلاں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر مسوں پر باندھیں۔ مسے خشک ہو کر گر جائیں گے۔

برائے عنانت

خون کبوتر صحرائی ۲ تولہ، کینچوا ۶ ماشہ، مغز حب الملوک ۳ عدد، بیر بہوٹی ۱۲ عدد، ادویہ باریک کھرل کر کے خون کبوتر میں ملائیں اور حشفہ و سپون چھوڑ کر طلا کریں۔ اوپر پان کا پتہ باندھیں۔ دو گھنٹہ رکھ کر گرم پانی سے دھو ڈالیں۔

بواسیر کے لیے مفید عمل

جس شخص کو بواسیر کی شکایت ہو اتوار کے دن صبح کے وقت یعنی سورج نکلنے سے پہلے اس تعویذ کو لکھے اور موم جامہ کر کے زوال کے بعد کمر میں باندھے اس طرح کر تعویذ پشت پر رہے۔

تعویذ یہ ہے۔

بواسیر ہر قسم

جس سے مسہ ہائے بواسیر جڑ سے نیست ونابود ہو جاتے ہیں۔ سفوف ماجو ۲ حصہ افیون ایک حصہ مکھن ۵ حصہ۔ ان کو خوب رگڑ کر آپس میں ملائیں کہ تینوں یک جان ہو جائیں۔ اس مرہم کو انگلی سے بواسیر کے مقام اور مسوں پر لگائیں۔ لگاتے ہی فوراً درد اور کھجلی کو آرام ہوگا۔ اور اگر ایک ماہ استعمال کریں تو برسوں کی پرانی بواسیر جاتی رہے گی۔ جو آزمائے گا دل سے دعا دے گا۔

حبوب بواسیر

مندرجہ ذیل گولیاں بواسیر خونی میں بہت مفید ہیں۔ رسونت مصفا۔ برادہ صندل سرخ۔ کتھ سفید۔ گیرو گوالیاری۔ مرچ سیاہ۔ مغز تخم نیم۔ مغز تخم بکائن ہم وزن لے کر کگر چھڈی کے پانی میں کوکن بیر کے برابر گولیاں باندھ دیں۔ ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ باسی پانی۔ بعد ازاں چوری مرغن کھائیں۔ مرچ سرخ، تیل اور ترش اشیاء سے پرہیز۔ انشاء اللہ مرض جاتا رہے گا

دیگر رسونت ا ماشہ، نیم چھٹانک مکھن میں کھائیں۔ خونی بواسیر میں از حد مفید ہے۔

قاطع بواسیر

مردا سنگ ۲ تولہ، نیلا تھوتھا ا تولہ۔ مویز منقیٰ اس قدر ڈالیں کہ تمام ادویہ مل کر ملیدہ کی صورت ہو جائے۔ ایک ٹکیہ تمام مسوں پر رکھ کر لنگوٹ کس کر باندھیں اور صبح حقہ کے پانی سے آبدست لیں۔ اسی طرح ۷ یوم تک متواتر عمل کریں۔

انشاءاللہ تعالیٰ صحت ہو جائے گی۔

بواسیر کے لیے

جس شخص کو بواسیر کی شکایت ہو تو اس کو چاہیئے کہ پیر کے یا جمعہ کے دن نماز فجر کے وقت اس نقش معظم کو لکھ کر موم جامہ کر کے مریض کی کمر میں باندھے اور تعویذ پشت کی طرف رہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ مریض شفایاب ہوگا۔ اور بواسیر کی شکایت جاتی رہے گی۔

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

حب بواسیر

رسوت زرد ۱ تولہ، کیترا ۱ ماشہ، آملہ خشک ۷ ماشہ۔ کشتہ بارہ سنگا ۶ ماشہ کشتہ مرجان ۶ ماشہ۔ مازو سبز ۳ ماشہ۔ سنگجراحت ۳ ماشہ۔ گیرو ۳ ماشہ۔ سب دواؤں کو کھرل کر کے آب ترب سبز میں حل کر کے چنے برابر گولیاں بنالیں۔ خشک ہونے پر چاندی کے ورق ضرور چڑھالیں اور علی الصبح باسی پانی کے ہمراہ تین سے چار گولی تک کھلائیں۔

نوٹ:- ان گولیوں کے استعمال کرنے کے چوتھے، پانچویں روز بعد خون بند ہو جاتا ہے۔ مگر مسوں سے زردی مائل رطوبت کا سیلان شروع ہو جاتا ہے،

اس لیے اس رطوبت کے خشک کرنے کیلیے میں یہی نسخہ استعمال کرتا ہوں۔

ریحی بواسیر کیلئے

سم الفار قائم انار ۱ تولہ۔ کشتہ فولاد ۳ تولہ (جوکہ برگ جامن میں کیا ہو) تارامیرا ۱۵ تولہ۔ مصری ۱۵ تولہ۔

ان تمام ادویات کو علیحدہ علیحدہ آٹھ پہر تک کھرل کر کے سفوف بنائیں۔

خوراک :۔ ۱ چاول تا ۲ چاول۔

نوٹ :۔ حسب ترکیب شنگرف کے جوکہ اکسیر باہ میں مذکور ہے۔ سم الفار کو قائم کرلینا چاہیے۔

ہر قسم کی بواسیر کیلئے

رسوت ۱ تولہ۔ مویز منقیٰ ۱ تولہ۔ گل سرخ ۱ تولہ۔ مغز نیم تازہ تولہ۔ آب گگرونده ۱۰ تولہ میں گولیاں بمقدار نخود بنادیں۔

خوراک :۔ ۲ گولی ہمراہ آب باسی۔

اکسیر مرہم بواسیر

کچلہ سوختہ ۵ عدد۔ بنداں ڈوڈہ سوختہ ۵ عدد، مردا سنگ ۱ تولہ۔ شہد ۵ تولہ میں ملاکر لگائیں۔ ہفتہ عشرہ میں مسے گر جائیں گے۔ اور کسی قسم کی تکلیف نہ ہوگی۔

برائے بواسیر

خندق ہندی ۲ تولہ۔ عرق طوطی معروف کنگھی بوٹی۔ ایک بوتل میں کھرل کریں

جب گولی بنانے کے قابل ہو جائے تو گولیاں کنار دشتی کے مقدار بنالیں۔
خوراک:۔ ایک گولی ہمراہ آب تازہ، غذا مرغن استعمال کریں۔ ۴۰ ایوم میں سے بلا ضرر گر جائیں گے۔
نوٹ:۔ ایک بوتل عرق کے لیے اکلو طوطی مع جڑ و شاخ و برگ لینی چاہیے۔

بادی بواسیر کیلئے

بادی بواسیر میں رفع حاجت کے بعد طہارت اس طرح کی جائے کہ بائیں ہاتھ کی بڑی انگلی بواسیر کے مقام سے رگڑ کھاتی رہے اور طہارت کرتے وقت زبان سے نِعْلُنْ نِعْلُنْ نِعْلُنْ نِعَلْ پڑھتے رہیں۔

خونی بواسیر کیلئے

مَائِیْ تُمِیْرَا طہارت کرتے وقت اس طرح پڑھیں جس طرح بادی بواسیر میں نِعْلُنْ نِعْلُنْ نِعَلْ پڑھنے کو بتایا گیا ہے۔
بعض اوقات بواسیر کی تکلیف اتنی شدید ہوتی ہے کہ مریض بے چین ہو جاتا ہے۔ اور یہ محسوس کرتا ہے کہ جیسے بواسیر کی جگہ سوئیاں چبھ رہی ہیں۔ اللہ تعالٰی اپنے حفظ و امان میں رکھے۔ تکلیف کی وجہ سے مریض کو نہ اٹھتے چین ملتا ہے نہ بیٹھتے اور ہائے ہائے کرتا ہوا ٹہلتا رہتا ہے۔ اس کا فوری علاج یہ ہے۔
مریض ھُوَاللّٰہُ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ پڑھ کر انگشت شہادت پر دم کرے اور یہ انگلی پانی میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تکلیف دور ہو جائے گی۔

ضعف باہ کیلئے

بیضہ مرغ ابال کر زردی نکال لیں اور اس کے برابر نخود بریاں مع پوست دونوں کو پیس کر عسل خالص میں ملا کر رکھ لیں۔ روزانہ ایک تولہ نہار منہ اور کھانے کے ساتھ ایک تولہ کھائیں۔ اس دوائی سے چند روز میں اس قدر طاقت پیدا ہو جاتی ہے کہ کمال، استعمال کرنے پر معلوم ہوگا۔

نسخہ جات آتشک

سنکھیا سفید ۲ ماشہ، عقر قرحا ۲ ماشہ، کتھ سفید ۲ ماشہ، چھالیا چکنی ۲ ماشہ سب کو پیس کر حب بقدر نخود تیار کریں۔ ایک گولی صبح اور ایک گولی شام استعمال کریں۔ ترشی اور نمک اور گوشت اور مونگ کی دال سے پرہیز کریں۔ یہ نسخہ عرصہ ایک ہفتہ تا ۲ ہفتہ کے استعمال کرنے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔ اگر بہت ہی فائدہ چاہیے تو ۴۰ یوم تک استعمال کریں۔ اس نسخہ سے کوئی تکلیف نہیں ہوتی اور نہ ہی منہ آتا ہے۔ مجرب ہے۔

آتشک کیلئے

مغز جمالگوٹہ بلا مدبر ۵ دانہ۔ مردہ سنگ ۶ ماشہ۔ قند سیاہ پرانہ بقدر ضرورت اور جمالگوٹہ کے چھلکے اور پتہ علیحدہ کریں، پھر مردہ سنگ پیس کر قند سیاہ میں ملا دیں، تین عدد گولی بنائیں۔ ایک گولی ہمراہ قہوہ بنفشہ ۷ ماشہ دیویں، پھر ایک یوم درمیان وقفہ دے کر تینوں حب کھلا دیں۔ غذا دودھ و چاول۔

یقین کامل سے استعمال کریں انشاء اللہ تعالےٰ اس مرض سے نجات مل جائے گی۔

اسم اعظم

جو اس کا روزانہ ورد رکھے اسکی تمام مشکلات حل ہو جائیں گی اور ہر بیماری سے محفوظ رہے گا۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَنَّکَ اَنْتَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ۝ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاَنَّ لَکَ الْحَمْدُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ الْحَنَّانُ الْمَنَّانُ بَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ اَسْئَلُکَ اِلٰھُکُمْ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ط آلٓمّٓ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ط

جملہ امراض کیلئے

یہ نقش سورۂ فاتحہ کے واسطے جملہ بیماریوں کے لیے مفید ہے۔ کاغذ یا چینی کی رکابی پر رکھ کر دھو کر مریض کو پلا دے۔ خدا کے حکم سے مریض اس مرض سے بہت جلد شفا پاوے گا۔

۲۳۴۰	۲۳۴۳	۲۳۴۶	۲۳۳۳
۲۳۳۵	۲۳۳۳	۲۳۳۱	۲۳۲۴
۲۳۴۴	۲۳۴۸	۲۳۴۱	۲۳۲۶
۲۳۴۲	۲۳۱۲	۲۳۳۸	۲۳۴۲

آدھے سر درد کیلئے

سورج نکلنے سے پہلے جس شخص کے آدھے سر میں درد ہو اس کے درد کی جگہ دم کیا جائے گا گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کیا جائے۔ یہ ہے۔

کالی چڑیا پہاڑ کی چن چن کنکر کھائے

دہائی خدا کی درد آدھا سیسی جائے

ایک ہی دن میں تین مرتبہ اسی وقت یہ عمل کیا جائے گا یعنی تین مرتبہ ۱۱، ۱۱ مرتبہ۔ کل ۳۳ بار۔ انشاء اللہ مریض کو پہلے ہی دن ورنہ دوسرے تیسرے دن تو بالکل آرام ہو جائے گا۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔

برائے درد بدن

جہاں درد ہو موم جامہ کر کے اس جگہ باندھا جائے گا مجرب ہے۔

یَا رَبُّ	۷۸۶ ۸ ۷ ۷ ۸ یَا شَافِی ۶۳۳	یَا رَحِیْمُ

روزانہ بخار کیلئے

حضرت امام جعفر صادق فرماتے ہیں کہ جو کوئی سورہ کو اکتالیس بار پانی پر پڑھ کر مریض کے منہ پر چھڑکے تپ زائل ہو جائے گا۔ اور سورۂ عصر کو مریض پر پڑھے یا سورۂ لقمان جس کے اعداد ۱۵۹۰۰۰ ہیں۔ ہر قسم کے بخار کے لیے ایک عدد گھول کر پلائے اور دوسرا تعویذ لکھ کر گلے میں ڈالیں کلی شفا ہو گی۔

۵۳۰۰۳	۵۲۹۹۶	۵۳۰۰۱
۵۲۹۹۸	۵۳۰۰۰	۵۳۰۰۲
۵۲۹۹۹	۵۳۰۰۴	۵۲۹۹۷

باری کا بخار برگ بوٹی ببہل ۳ یا ۴ عدد مل کر باری کے دن کلائی پر باندھیں۔ باری رک جاوے گی۔

ڈبہ اطفال توتیا سبز بریاں، سہاگہ سفید بریاں ہم وزن لے کر ہمراہ شیر بز حب بمقدار دانہ باجرہ دیویں۔ بوقت مایوسی یک حب نادر حب ہمراہ شیر مادر دیویں۔ مجرب ہے۔

برائے بخار ہر قسم معمول مطب ۳۶ سالہ۔ اس خاکسار کا تحفہ نسخہ ہے وہو ہذا مغز کرنجوا ۲ تولہ، چرائتہ ۱ تولہ۔ افسنتین ۱ تولہ زیرہ سفید ۲ تولہ۔ کوڑا ۱ تولہ۔ کہربا شمعی ۱ تولہ، پتیس سفید ۱ تولہ۔ ست گلو عمدہ خانہ ساز (اگر یہ میسر نہ ہو تو آرد گلو اس کے عوض ڈالیں) تخم کاسنی ۲ تولہ۔ کشنیز ۲ تولہ، الائچی سفید ۱ تولہ۔ گل ارمنی ۲ تولہ۔ ہمہ را کوفتہ بیختہ در شیشی نگاہ دارند۔

خوراک:۔ ۲ رتی سے ۳ رتی تک جوبن کے لیے ہمراہ مناسب بدرقہ ہر ایک قسم کے بخار پر استعمال کریں۔ صفراوی بخاروں میں گائے کی چھاچھ یا زیرہ سفید ۶ ماشہ و تخم خیار ۶ ماشہ کے شیرہ سے یا شربت بزوری سے دیویں اور پرانے بخاروں کے لیے نیز مزمن اور دیرینہ بخاروں کے دفعیہ کے لیے از بس مفید ہے۔ بلکہ ۳۶ سال سے اوپر ہی عرصہ سے ہمارے مطب کا دستور العمل ہے۔

چوتھا وسہ روزہ بخار کا عمل

یہاں پر ایک بے نظیر و بے عدیل روحانی عمل پیش کرتا ہوں جو ہر بخار کے لیے اکسیر اعظم ہے اور شفاء کے لیے تیر بہدف ہے۔

سورہ یٰسین پڑھنا شروع کریں۔ جب پہلی مبین پر پہنچے تو سات دفعہ الحمد شریف مکمل پڑھ کر تین دفعہ یہ کلمات پڑھتے جائیں۔

الٰہی بحرمت یٰسین و بعزت مبین فلاں بن فلاں کو صحت عطا کر دیں۔

اس طرح آپ اس عمل کو سات مبین تک لے جائیں۔ بلکہ سات سیاہ دھاگہ تار لے کر ہر مبین پر اس طرح پڑھ کر گانٹھیں دیتے جائیں اور یہ دھاگہ مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ بخار چھوڑ جائے گا۔ یہ عمل بڑا مجرب ہے۔

باری کا بخار

جس کسی کو باری کا بخار آتا ہو اور علاج معالجہ کے باوصف سے آرام نہ آتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے باوضو حالت میں قبلہ رُخ بیٹھ کر سفید کاغذ پر زعفران و گلاب سے ذیل کے دو نقش بنائیں اور ان پر خوشبو لگا کر الٰہی آیات مبارکہ کا ایک سو اکتالیس مرتبہ ورد کر کے اسے دم کریں۔ اور بخار آنے سے تین گھنٹے قبل مریض کی پیشانی پر چسپاں کر دیں۔ اور دوسرے نقش کو موم جامہ کر کے اس کے گلے میں ڈال دیں۔ یا سیدھے بازو پر باندھ دیں۔

نقش اگلے صفحہ پر۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

هوالشافی	یاشافی	یاشافی	یاشافی	یاشافی	یاشافی	یاشافی	هوالکافی

ویشف صدور قوم مومنین ٥ یا ایها الناس قد جآءتکم موعظة من ربکم وشفاء لما فی الصدور وهدی ورحمة للمومنین ٥ یخرج من بطونها شراب مختلف الوانه فیه شفآء للناس ٥ وننزل من القران ما هو شفاء ورحمة للمومنین ٥ واذا مرضت فهو یشفین ٥ قل هو للذین امنوا هدی وشفاء لقد جاءکم رسول من انفسکم عزیز علیه ما عنتم حریص علیکم بالمومنین رءوف رحیم ٥ فان تولوا فقل حسبی الله لا اله الا هو علیه توکلت وهو رب العرش العظیم ٥ وما محمد الا رسول قد خلت من قبله الرسل افائن مات او قتل انقلبتم علی اعقابکم ومن ینقلب علی عقبیه فلن یضر الله شیئا وسیجزی الله الشکرین

دائیں جانب: یاسلام (بارہ مرتبہ) — بائیں جانب: یاحفیظ (بارہ مرتبہ)

حاشیہ: کھیعص

بحق ...	یاکافی	یاکافی	یاکافی	یاکافی	یاکافی	یاکافی	بحق ...

(تحفہ فقری)

دست کے لیے

جس مریض کو دست آتے ہوں اور بند نہ ہوتے ہوں تو اسے چاہیے کہ وہ اس نقش کو سعد وقت میں لکھ کر پیٹ پر باندھیں انشاءاللہ صحت ہوگی۔ آزمودہ ہے۔

نقش سامنے ہے۔

ق	ا	ب	ض
ض	ب	ا	ق
ا	ق	ض	ب
ب	ض	ق	ا
۷۵	۲	۶۰	۲۲۶
۷۵	۲	۶۰	۲۲۶
۷۵	۲	۶۰	۲۲۶
۲۵۱۳	۱	۳	۱۵۰
۳۰۶	یا قابض	یا قابض	۵۶۷

دیگر سورۂ حدید کو اگر جامن کی کونپل تازہ پر تین دفعہ پڑھ کر دم کرے اور (۵ تولہ) پانی میں پیس کر دن میں ۲ بار لیں۔ شفا ہوگی۔

دیگر سورہ مرسلات اعداد یہ ہیں ۴۳۲۶۰۷ ہیں۔ اس کو جامن کی گٹھلی کی گری اور آم کی گٹھلی کی گری پر پانچ بار پڑھ کر باریک سفوف بنالیں

استعمال:۔ ۲ گرام (۲ ماشہ) دن میں پانی سے یا شربت انجبار سے لیں تو شفا ہوگی۔

یہ سفوف ذیابیطس۔ جریان منی۔ سیلان الرحم کے لیے بھی اکسیر اعظم ہے۔

اکسیر دافع پیچش

بعد مسہل روغن بیدانجیر دیں۔ مصطگی اصلی، شنگرف، جدوار اصلی، افیون خام ہر ایک ایک تولہ۔ سہاگہ تین ماشہ۔ ان کو کوٹ پیس کر حبوب بمقدار دانہ ماش بنالیں۔ ایک گولی آب تازہ سے دیا کریں۔ تین دن میں کہنہ سے کہنہ پیچش دور کردیتی ہیں۔ ہر مطب میں تیار رہنی لازمی ہے۔

نقش سورۂ شمس

سورۂ شمس جس کے اعداد ۱۹۴۹۹ ہیں سعد وقت میں لکھ کر اس کا پانی پلائیں، آرام آجائے گا۔

۴۸۶۷	۴۸۸۱	۴۸۷۷	۴۸۷۴
۴۸۷۸	۴۸۷۳	۴۸۶۸	۴۸۸۰
۴۸۷۲	۴۸۷۵	۴۸۸۳	۴۸۶۹
۴۸۸۲	۴۸۷۰	۴۸۷۱	۴۸۷۶

۲۔ سورۂ محمد جس کے اعداد ۱۸۰۶۵۵ ہیں۔ کو سعد وقت میں لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں تو فوراً شفاء ہوگی۔

۴۵۱۵۶	۴۵۱۷۰	۴۵۱۶۶	۴۵۱۶۳
۴۵۱۶۷	۴۵۱۶۲	۴۵۱۵۷	۴۵۱۶۹
۴۵۱۶۱	۴۵۱۶۴	۴۵۱۷۲	۴۵۱۵۸
۴۵۱۷۱	۴۵۱۵۹	۴۵۱۶۰	۴۵۱۶۵

اگر سورۂ الشمس کو تین بار ہلیلہ خورد (چھوٹی ہڑ) اشکر ہم وزن لے کر ہلیلہ کو گھی میں بھون کر سفوف بنالیں اور اس میں شکر ملا کر ۶ گرام پانی کے ساتھ دن میں ۲ بار لیں۔

برائے خونی پیچش

تخم بارتنگ، تخم گنوچہ، تخم ریحاں، تخم بالنگو ہر ایک ۳، ۳ ماشہ۔ کاہو ۶ ماشہ ۶ ماشہ۔ کلفہ ۶ ماشہ، صمغ عربی ۳ ماشہ، کتیرہ ۳ ماشہ۔ آرد بیخ بھنڈی توری ۶ ماشہ ہوبکی ۶ ماشہ۔

ترکیب:- تخموں کو بھون لیں۔ کوٹنے کی چیزوں کو کوٹ چھان کر سفوف بنا رکھیں۔ بقدر ۹ ماشہ ہمراہ لعاب ریشہ خطمی ۲ تولہ استعمال کرائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مرض سے چھٹکارا حاصل ہوگا۔

دیگر

ہلیلہ زرد چھ ماشہ۔ ہلیلہ سیاہ چھ ماشہ۔ سونٹھ ۶ ماشہ۔ سونف ۶ ماشہ۔

ترکیب:- اول ہلیلہ جات کو گھی میں بھون لیں اور پیس کر ملا لیں اور باقی دونوں چیزوں کو پیس کر ملا لیں۔ بس تیار ہے۔

برائے پیچش و ہر کام

ہر کام کے واسطے مجرب ہے۔ مریض کو اگر پیچش ہو تو اس کو تین نقش روزانہ لکھ کر پلائے۔ کاغذ کو بھی نگل جائے۔

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

دافع پیچش

مرض پیچش سادہ وخونی کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے یہ عطیہ حکیم الٰہی بخش چشتی قادری رحمۃ اللہ علیہ کا ہے۔

اس کے لیے ذیل کا نقش زعفران وگلاب سے روزانہ چینی کی طشتری پر بنائیں۔ اسے عرق بادیان خطائی سے دھو کر تیار رکھ لیں اور مریض اس کو سارے دن میں پانچ مرتبہ [illegible] الفاظ کر [illegible]

اِشفِ ایں عِلۃِ پیچش جی سورہ دخان د.ں محمد رَسُولُ اللہ ط

ہمیشہ کے لیے ختم ہو جائے گا نقش یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۳۲۶۰۴	۳۲۵۹۷	۳۲۶۰۲
۳۲۵۹۹	۳۲۶۰۱	۳۲۶۰۳
۳۲۶۰۰	۳۲۶۰۵	۳۲۵۹۸

لقوہ کا علاج

لقوہ کے مریضوں کے لیے ذیل کا عمل از حد نافع اور اکسیر ہے یہ عطیہ روحانی شیخ الاسحاق مشارتی ہراتی رحمۃ اللہ علیہ ہے۔

اس کے لیے ذیل کے دو عدد نقوش زعفران و گلاب سے سفید کاغذ پر بنائیں اور ان میں ایک موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈالیں اور دوسرے نقش کو پانی میں حل کر کے اکتالیس یوم تک مسلسل لقوہ والے کو پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اسکی بدولت مریض اس مرض سے مکمل شفاء پا لے گا۔ بے حد مجرب عمل ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قد نری تقلب وجهك في السماء فلنولينك قبلة

۲۷۶۱	۲۸۱۰	۲۸۰۲	۲۷۹۴	۲۷۸۶	۲۷۷۷	۲۷۶۹
۲۷۷۸	۲۷۷۰	۲۷۶۲	۲۸۰۴	۲۸۰۳	۲۷۹۵	۲۷۸۷
۲۸۰۶	۲۷۹۸	۲۷۷۹	۲۷۷۱	۲۷۶۳	۲۸۰۵	۲۷۹۷
۲۷۰۶	۲۷۹۸	۲۸۱۰	۲۷۸۹	۲۷۸۰	۲۷۷۲	۲۷۶۴
۲۷۷۳	۲۷۶۵	۲۸۰۷	۲۷۹۹	۲۷۹۱	۲۷۸۳	۲۷۸۱
۲۷۸۴	۲۷۷۵	۲۷۷۴	۲۷۶۶	۲۸۰۸	۲۸۷۰	۲۷۹۲
۲۸۰۱	۲۷۹۳	۲۷۸۵	۲۷۷۶	۲۷۶۸	۲۷۶۷	۲۸۰۹

مردانہ امراض مخصوصہ

سورۂ نور جس کے اعداد ۷۲۴۵ ہیں۔ سعد وقت میں لکھ کر تیل میں ڈال کر کمر کی مالش کریں۔ قبض نہ ہونے دیں۔ سبوس اسپغول استعمال کرائیں۔

۲۔ سورۂ معارج جس کے اعداد ۷۳۵۲۵ ہیں۔ جس شخص کو مذکورہ بالا شکایات ہوں تو اسے چاہیے اس سورہ کو پانی میں دم کر کے نہار منہ روزانہ پییے اور اس عظیم نقش کو سعد وقت میں اپنے جسم کی مالش کریں اور دھنی کے نیچے باندھے انشاء اللہ تعالیٰ مرض سے نجات ملے گی۔ سبوس اسپغول پر دم کر کے پلائیں۔

۷۸۶

۱۰۰۶۰۶	۱۰۰۶۲۰	۱۰۰۶۱۷	۱۰۰۶۱۴
۱۰۰۶۱۸	۱۰۰۶۱۳	۱۰۰۶۰۷	۱۰۰۶۱۹
۱۰۰۶۱۲	۱۰۰۶۱۵	۱۰۰۶۲۳	۱۰۰۶۰۸
۱۰۰۶۲۱	۱۰۰۶۰۹	۱۰۰۶۱۱	۱۰۰۶۱۶

۷۸۶

۱۸۳۷۳	۱۸۳۸۷	۱۸۳۸۴	۱۸۳۸۱
۱۸۳۸۵	۱۸۳۸۰	۱۸۳۷۴	۱۸۳۸۶
۱۸۳۷۹	۱۸۳۸۲	۱۸۳۸۹	۱۸۳۷۵
۱۸۳۸۸	۱۸۳۷۶	۱۸۳۷۸	۱۸۳۸۳

معجون جریان

گل ببول خشک ۵ تولہ۔ ثمر درخت برگد ۵ تولہ۔ سلاجیت اصلی ا تولہ۔ پچنے بریاں ا تولہ۔ ترنجبین ۲۰ تولہ۔ کشتہ قلعی ا تولہ۔ رات کو آدھ کلو پانی میں ترنجبین بھگو دیں۔ علی الصبح دیگر ادویات اچھی طرح کوٹ کر باریک کریں۔ ترنجبین کو پانی میں مل کر چھان لیں اور شہد خالص ایک پاؤ داخل کر کے قوام بنا کر باقی ادویات شامل کر لیں۔

خوراک:۔ ۹ ماشہ سے ایک تولہ تک یہ معجون تازہ پانی کے ہمراہ کھائیں۔ ترشی اور بادی اشیاء سے پرہیز۔

ضعف قوت و نامردی

نجوم کے قانون کے مطابق اوقات کو ضرور مدنظر رکھیں۔

قوتِ باہ کے لیے اوقات

جب مریخ و زہرہ میں نظر تربیع ہو یا مقابلہ ہو مگر قمر کی نظر تثلیث مریخ کے ساتھ ہو یا جب زہرہ برج ثور کے ۱۲۔۱۹ درجہ پر ہو یا پھر برج سنبلہ کے ۹ درجہ یا پھر جدی کے ۷ درجہ پر بحالت رجعت ہو اور مریخ بحالت شرف میں ہو یا پھر مشتری جوزا کے ۷ درجہ یا جدی کے ۹۔۲۸ یا دلو کے ۱۸ یا حوت کے ۴ درجہ پر واقع ہو۔

ثور زہرہ ۱۹۔۱۲
حوت
حمل
جوزا
جدی
زہرہ ۱۷ سرطان
زہرہ ۱۷
قوس
اسد
میزان
عقرب
سنبلہ زہرہ ۹

نسخہ ٹانک مقوی باہ

ایکسٹراکٹ نکس وامیکا ۱/۲ گرین۔ یوہمبین ۱/۷ گرین۔ فرائی سلفاس ۱ گرین ایکسٹرکٹ ڈمیانہ ۲ گرین۔ کونین سلفاس ۱/۲ گرین۔ اوپیم ۱/۲ گرین۔ عنبر اشہب ۱ گرین مسک ۱ گرین زعفران ۱ گرین۔ مومیائی دارابی ۱ گرین۔ جملہ ادویات کو ایک جگہ کر کے خوب باریک پیس کر عرق ادرک لہسن میں خوب حل کر کے گولیاں مٹر کے برابر بنا کر رات کو ایک گولی دودھ یا یخنی کے ہمراہ مریض کو چند روز پلا دیں۔

تقویت باہ کے لیے

مغز پستہ ۱۰ تولہ، مغز بادام ۱۰ تولہ، موصلی سفید ۵ تولہ، ثعلب مصری ۵ تولہ مغز املی کلاں ۴ تولہ، تمام اشیاء کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

شیر بھینس ۱۰ کلو وزن، سبز کڑاہی میں ڈالیں، گوند چھوہارہ ۱۰ تولہ، دودھ میں ڈالیں اور نیچے دھیمی دھیمی آنچ جلائیں۔ جب گوند مذکور دودھ میں حل ہو جائے تو اتار کر دودھ چھان لیں۔ پھر دوبارہ آگ پر رکھیں۔ سفوف تیار شدہ و زعفران خالص ایک تولہ ڈال کر تیز آنچ پر کھویہ بنائیں۔ اور کھویہ تیار ہونے کے بعد آگ کم کر دیں اور کھویہ کو یہاں تک بلائیں کہ دانہ دانہ ہو جائے۔ اب آگ پر سے نیچے اتار لیں اور ٹھنڈا کر کے دیسی چینی سوا سیر ملا دیں۔ اور ورق نقرہ ۳۰ عدد۔ ورق طلا ۱۰ عدد ڈال کر اس قدر ملیں کہ یک جان ہو جائے کسی برتن میں ڈال کر محفوظ رکھیں اور ہر شب بلاناغہ سونے کے وقت ہمراہ دودھ استعمال کریں۔ مغلظ منی ہے اور جریان و امساک کے لیے بہت مفید ہے۔

برائے سرعت انزال

موچرس ۱ تولہ، بھوپھلی ۱ تولہ، سمندر سوکھ، سنگ جراحت ہر چہار ہیچ برگ ۲ تولہ، چھال ثمر درخت کیکر ۲ تولہ، کشتہ قلعی ۶ ماشہ، گوند ڈھاک ۱ تولہ، سنا ور ۱ تولہ، خیارین ۱ تولہ، تخم ثمر ہندی، مغشرہ ۱ تولہ، کھانڈ دیسی کل وزن سے ۱/۲ حصہ، معفوف تیار کریں۔
بقدر ۳ ماشہ، ہمراہ شربت نیلوفر بنفشہ استعمال کریں۔

برائے ضعف باہ

۱۲ عدد مغز جمالگوٹہ پتہ سے پاک کیا ہوا، شنگرف ۱ تولہ۔ سم الفار ۳ ماشہ، بیربہوٹی ۲ تولہ، مکھن گاؤ ۶ تولہ۔ ادویہ بالا کو باریک کر کے مکھن ملا لیں۔ اس میں سے حشفہ وجائے دوخت چھوڑ کر طلا کریں، برگ پان اس پر لپیٹ لیں۔ پانی لگانے سے پرہیز کریں۔

جریان منی کیلئے

ست سلاجیت، ست ریش برگد، کافور بھیم سینی۔ دانہ الائچی خورد، ورق طلا ہم وزن لے کر پہلے دانہ الائچی خورد کھرل میں ڈال کر ورق طلا ایک ایک ملا کر کھرل کریں جب ایک ورق حل ہو جائے تب دوسرا ورق ڈالا کریں۔ جب تمام ورق حل ہو جائیں دیگر ادویہ ڈال کر کھرل کریں۔

خوراک:۔ ۴ رتی سے ۱ ماشہ تک ہمراہ آب نیم گرم۔

برائے ضعف باہ

موصلی سیاہ ۲ تولہ، موصلی سفید ۲ تولہ۔ ریش برگد ۱ تولہ، پھلی ببول نورستہ ۱ تولہ۔ تخم تمر ہندی کلاں ۱ تولہ۔ تخم خرما ۱ تولہ۔ کشتہ قلعی ۶ ماشہ۔ مصری کوزہ ۱۰ تولہ سلاجیت ۶ ماشہ۔ رومی مصطگی ۳ ماشہ۔ سفوف بنائیں۔

خوراک:۔ ۱ تولہ ہمراہ شیر گاؤ تازہ۔

بہت مجرب چیز ہے، آزمودہ ہے۔

امراضِ چشم کے لیے

یہ نقش سریع التاثیر ہے اور زود اثر ہے۔ اسے لکھ کر پانی میں گھول کر آنکھوں پر چھینٹے ماریں۔ انشاء اللہ تعالٰے شفاء ہوگی۔

بسم اللہ	بسم اللہ	الرحمٰن الرحیم	الحمد للہ	رب العلمین
الرحمٰن الرحیم	مالک	یوم الدین	ایاک نعبد	وایاک نستعین
اھدنا الصراط	المستقیم	صراط الذین	انعمت	علیھم
غیر المغضوب	علیھم	ولا	الضالین	آمین

سرمہ امراضِ چشم

زنک آکسائیڈ ۱ ماشہ۔ بورک ایسڈ ۲ تولہ۔ سلفیٹ آف کاپر ۴ رتی۔ سرمہ سیاہ ۱۰ تولہ۔ پھٹکڑی ۴ رتی۔ افیون خالص ۱ ماشہ۔ عرق گلاب دو آنثہ میں کھرل کریں پھر نیم کے پتوں کے رس میں کھرل کریں، جب خشک ہو جائے پارچہ پنیر کرکے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

خوراک :۔ ایک سلائی صبح ایک دوپہر ایک شام کو آنکھ میں لگائیں۔

فوائد :۔ خواہ کیسی ہی درد ہوتی ہو کیسی ہی آنکھ دکھتی ہو، سرخی اور ککرے خواہ کتنے ہی پرانے کیوں نہ ہوں، چند دن کے استعمال سے فائدہ ہوگا۔

سرمہ جمیع امراضِ چشم

مامیراں چینی ۱ ماشہ۔ کافور بھیم سینی ۱ ماشہ کاجل ۱ ماشہ۔ کو آب پیاز میں کھرل کرکے شہد ۱ تولہ ملا کر قطرہ قطرہ آنکھوں میں ڈالیں۔ شب کو بوقت خواب اس کے

استعمال سے سرخی چشم، جلن، دھند، جالا، سفیدی، ناخنہ ڈھلکا، ککرے، گوہانجنی پڑبال وغیرہ امراض بہت جلد رفع ہو جاتے ہیں۔ عینک کی عادت چھڑا دیتا ہے۔ ضعف بصر، اندھراتا وغیرہ کے لیے بہت مفید ہے۔

رمدِ چشم و ککروں کیلئے

رسوت ۶ ماشہ۔ پھٹکڑی بریاں ۶ ماشہ۔ سوہاگہ بریاں ۲ ماشہ۔ افیم ۶ رتی۔ سفوف ہلیلہ زرد ۳ ماشہ۔ آدھ پاؤ عرق گلاب میں بھگو چھوڑیں اور نتار لیں، دن میں چار دفعہ چند قطرے آنکھ میں ٹپکائیں۔ مرض کے لیے انتہائی مفید ہیں۔

برائے صرع

عقرقرحا ۵ تولہ۔ اسطخدوس ۵ تولہ، جند بیدستر ۱ تولہ۔ سرکہ انگوری عمدہ ۱۰ تولہ۔ پوٹاس برومائیڈ ۵ تولہ۔ شہد خالص آدھ کلو۔

خوراک :۔ ۶ تا ۹ ماشہ صبح و شام

نوٹ :۔ پوٹاس برومائیڈ بوجہ انگریزی دوائی ہونے کے اگر شامل کرنے میں اعتراض ہو تو باقی ادویات بھی ویسا ہی فائدہ کریں گی۔ انشاء اللہ تعالٰے مرض سے شفاء ہو گی۔

آنکھوں کی طاقت کیلئے

سرمہ سیاہ ۱ تولہ۔ بیج سرس سیاہ ۱ تولہ۔ سفید مرچ ۱ تولہ۔ قلمی شورہ ۱ تولہ۔ ورق طلا ۲۰ عدد۔ روح گلاب ۵ تولہ۔

ترکیب :۔ تمام چیزوں کو کھرل میں ڈال کر کھرل کریں اور ۲۰ روز تک روح گلاب ختم کریں۔ جب تمام گلاب ختم ہو جائے تو شیشی میں محفوظ رکھیں۔

طرفہ

کالی مرچ کو نہار منہ چبا کر اس کا لعاب آنکھ میں ڈالنا طرفہ کے لیے مفید و مجرب ہے۔

ناصور چشم کالی مرچ کو کھاتے رہنا اور آب برگ مکوہ میں گھس کر مقام مرض پر لگانا غرب یعنی ناصور چشم کے لیے مفید ہے۔

بردہ کالی مرچ کو لعاب تخم کتاں میں پیس کر لگانے سے بردہ دور ہو جاتا ہے۔

گوہانجنی کالی مرچ کو پانی یا گلاب یا آب برگ عنب الثعلب میں گھس کر لگانا شیرہ یعنی گوہانجنی کو زائل کرتا ہے۔

موتیابند مرچ سیاہ کو باریک سرمہ کر کے مداومت کے ساتھ آنکھ میں لگاتے رہنے اور اسے شہد میں ملا کر کھاتے رہنے سے ابتدائی موتیابند اکثر دُور ہو جاتا ہے۔

آشوب چشم کیلئے

مجرب عمل تمام امراض چشم کے لیے اس دعا کو سات دفعہ پڑھ کر آنکھوں پر دم کریں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم فارجع البصر ھل تری من فطور ثم ارجع البصر کرتین ینقلب الیک البصر خاسئا وھو حسیر وان یکاد الذین کفروا لیزلقونک بابصارھم لما سمعوا الذکر ویقولون انہ لمجنون وما ھو الا ذکر للعلمین ہ

❖

یہ نقش کسی چینی کی رکابی پر لکھے اور اس کو ہری مکو کے عرق سے دھو کر قدرے افیون اور عرق گلاب میں گھس کر آنکھوں کے اوپر لیپ کریں

انشاء اللہ تعالےٰ شفا ہوگی۔

یا بصیر	یا بصیر	یا بصیر	یا بصیر
یا سمیع	یا سمیع	یا سمیع	یا سمیع
یا حم	یا حم	یا حم	یا حم

قطور چشم

آشوب چشم اور تسکین درد کے لیے بہت مفید، آسان اور مجرب نسخہ ہے۔

صفتہ:۔ افیون خالص ۴ رتی، شب یمانی بریاں ۴ ماشہ، بورک ایسڈ ۳ ماشہ، عرق گلاب خالص ۱۰ تولہ۔ خوب باریک پیس کر چھان کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال:۔ دن میں تین چار بار ذرا پر سے آنکھوں میں ڈالا کریں۔ امراض چشم میں کسی ملین دوا سے پہلے تنقیہ کر لینا بہت ضروری ہے۔

مقوی بصارت

ایک عدد کالی مرچ کو اپنے لعاب دہن میں گھس کر سلائی کے ساتھ آنکھ میں لگانا مقوی بصارت ہے۔ ہندی کی ایک پرانی قلمی کتاب میں مرقوم ہے کہ اگر اسے گھوڑے کے لعاب دہن میں گھس کر آنکھ میں لگایا جائے تو تقویت چشم کے لیے نہایت سود مند ہے۔

کجل مجرب

کالی مرچ ایک حصہ کو تین حصے سرمہ سفید کے ساتھ کھرل کر کے کجل تیار

کریں اور صبح و شام سرمچو کے ساتھ آنکھ میں لگا دیا کریں۔ آنکھ کے تکدر، ضعف دھند، غبار وغیرہ کے لیے مفید ہے۔

آشوب چشم

کالی مرچ ۲ عدد کو مصری کوزہ ۳ ماشہ کے ساتھ خوب باریک کریں۔ پھر اسے ایک تولہ تازہ مکھن میں ملا کر نہار منہ کھا لیا کریں۔ آشوب چشم کے لیے بالخاصہ مفید ہے۔ مقوی بصارت اور مقوی دماغ بھی ہے۔

شبکوری

کالی مرچ ۱۰ عدد، فلفل دراز ۵ عدد، سرمہ سیاہ ایک تولہ سب کو باریک کر کے آب بادیان تازہ پاؤ سیر میں اس قدر کھرل کریں کہ دوا سرمہ کی طرح باریک خشک ہو جائے۔ اسے صاف شیشی میں سنبھال رکھیں اور صبح و شام دو دو سلائی آنکھ میں ڈالا کریں۔

ضعف بصارت، جالا، پھولا، سبلغی، شبکوری، گدلاہٹ اور سبل وغیرہ کے لیے مشترک النفع مفید دوا ہے۔

کالی مرچ ۲ عدد کو انڈے کی سفیدی میں پیس کر آنکھ کے گردا گرد لیپ کرنا دنبلا بارد کے لیے مجرب ہے۔

آنکھ کی خارش

کالی مرچ ایک عدد کو گلاب میں گھس کر آنکھ میں لگانا آنکھ کی خارش کے لیے مفید ہے۔

ککرے

کالی مرچ کو شیر زنان (عورت کے دودھ) کے ساتھ تانبے کے بے قلعی ... شب کوری باقی رہے گی۔

درد شقیقہ

درد شقیقہ سے شفا بخشی کے لیے ذیل کا عمل عطیہ شیخ کبیر الدین رحمۃ اللہ علیہ

از حد مفید اور نافع ہے۔

اس کے بعد ذیل کا نقش زعفران و گلاب سے سفید کاغذ پر بنا کر اس پر سورۂ نصر اکیس مرتبہ مع اول و آخر درود شریف تین تین مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور سر پر درد والے مقام پر باندھ دیں۔

انشاء اللہ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت درد شقیقہ فی الفور غائب ہو جائے گا اور مریض کو آرام آجائے گا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اذا	جاء	نصر اللہ	والفتح	ورایت الناس	یدخلون	فی دین اللہ	افواجا
جاء	نصر اللہ	والفتح	ورایت الناس	یدخلون	فی دین اللہ	افواجا	فسبح بحمد ربک
نصر اللہ	والفتح	ورایت الناس	یدخلون	فی دین اللہ	افواجا	فسبح بحمد ربک	واستغفرہ
والفتح	ورایت الناس	یدخلون	فی دین اللہ	افواجا	فسبح بحمد ربک	واستغفرہ	انہ کان
ورایت الناس	یدخلون	فی دین اللہ	افواجا	فسبح بحمد ربک	واستغفرہ	انہ کان	توابا
یدخلون	فی دین اللہ	افواجا	فسبح بحمد ربک	واستغفرہ	انہ کان	توابا	لا یصدعون عنہا
فی دین اللہ	افواجا	فسبح بحمد ربک	واستغفرہ	انہ کان	توابا	لا یصدعون عنہا	ولا
افواجا	فسبح بحمد ربک	واستغفرہ	انہ کان	توابا	لا یصدعون عنہا	ولا	ینزفون

اَعُوۡذُ بِاللّٰہِ مِنۡ شَرِّ کُلِّ عِرۡقٍ نَعَّارٍ وَّمِنۡ شَرِّ حَرِّ النَّارِ۔

خناق درد گلو و خنازیر

گلے کی ورم کے لیے اس آیت کو بروز اتوار بوقت صبح پہلی ساعت میں باوضو لکھ کر گلے میں باندھیں۔ پارہ ۱۶ سورہ طٰہٰ آیت ۵۴ منها خلقنكم وفيها نعيدكم ومنها نخرجكم تارةً اخرىٰ انشاء اللہ تعالےٰ شفاء ہوگی۔

دیگر یہ نقش لکھ کر گلے میں باندھیں اور گذشتہ اوراق جو سورۂ شفا جو لکھی ہے اسے تیل پر دم کرکے گلے میں خوب مالش کریں انشاءاللہ شفا ہوگی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

انا جعلنا فی اعناقہم

٣٨٩	٣٨٤	٣٩١
٣٩٠	٣٨٨	٣٨٦
٣٨٥	٣٩٢	٣٣٧

اغلالا فھی الی الاذقان

فھم مقمحون

برائے خنازیر

حربا ۱۴ عدد، روغن زرد ایاؤ، حربا در روغن زرد بریاں نماید سرخ شدن برآوردہ سبکر را داخل نمودہ چہار دہ غلولہ سازند، یک غلولہ بوقت صبح نوش فرمائند۔

پرہیز از اشیاء حریف و حامضہ۔

مرہم خنازیر

سم الفار ۳ ماشہ ۔ مغز جمالگوٹہ ۱۰ عدد ، شیر زقوم حسب ضرورت ۔ سم الفار کا سفوف کر کے روغن سیاہ ۲½ تولہ میں کھرل کریں ۔ جب دونوں یکذات ہو جائیں مٹی کے چراغ میں ڈال کر فتیلہ روئی بنا کر روشن کریں اور چراغ کے مٹی کا کورا سر پوش اوندھا کر کے لٹکائیں اور کجلی لے کر مرہم میں ملا کر خنازیر پر ضماد کریں ۔ اس مرہم کے لگانے سے ادویہ خوراکی کی ضرورت نہیں رہتی ۔ اگر ساتھ ادویہ مذکورہ بالا کھلائی جائیں تو اندرونی مادہ کا بھی استیصال ہو جائے گا ۔

دیگر شنگرف ۱ تولہ ، رال ۱ تولہ ، ہڑتال ورقیہ ۱ تولہ ۔ گندھک آملہ سار ۱ تولہ سیماب ۴ ماشہ ۔ مردار سنگ ۱ تولہ ، کات سفید ۶ ماشہ ، بندور ۶ ماشہ روغن کنجد ۵ تولہ ۔ بطریق معروف مرہم بنا لیں ۔

حب خنازیر

الائچی سفید ۱ تولہ ۔ طباشیر ۱ تولہ ۔ زنگار ۶ ماشہ ۔ قند سیاہ ۱ تولہ ۔ گولیاں بقدر دانہ مونگ ۔ ایک صبح ہمراہ بدرقہ مناسبہ ۔

سل درجہ اول کا نسخہ

گندھک آملہ سار ۱ تولہ ، رب کالی زیری ۱ تولہ ، رب چرائتہ ۱ تولہ ، ست گلو ۳ تولہ ۔ اجوین کے چاول ۱ ماشہ ۔ آرد ملٹھی دو تولہ ۔ مومیائی ۱ تولہ ۔ سب کو باریک پیس کر ملا دیں ۔

خوراک ۱ ۔ ۲ رتی دن میں چار دفعہ عرق بادیان سے دیویں ۔ گوشت ، تیل ، ترشی

سے پرہیز رکھیں۔ اور چھاتی پر بادام روغن کی مالش کیا کریں۔

خنازیر یعنی بیجروں کا نسخہ

گندھک آملہ سارا ۱ تولہ۔ رب کالی زیری ۱ تولہ۔ رب چرائتہ ۱ تولہ۔ ست گلو ۲ تولہ سلاجیت خالص ۱ تولہ۔ رب مکو ۲ ماشہ۔ نمک چھلکا نیم ۳ ماشہ۔ نیم کا مدھ ۶ ماشہ۔ سب کو باریک پیس کر خوراک ۲ رتی دن میں تین دفعہ عرق بادیان کے ساتھ دیں۔

زخموں کے لیے

اگر زخم تر ہوں تو یہ نسخہ استعمال کریں۔ موم زرد ۱ تولہ۔ کولتار یعنی قطران ۱ تولہ میٹھا تیل یعنی روغن کنجد ۵ تولہ۔ گرم کر کے ملادیں اور زخموں پر جگہ کے مطابق لگا کر اس پر نیم کے پتوں کا بھرتا باندھیں۔ زخم چند یوم میں اچھے ہو جائیں گے۔
اگر زخم خشک ہوں یعنی صرف گلٹیاں ہی پھولی ہوئی ہوں تو اس پر دوائی لگائیں۔ کالی زیری کو سیاہ گائے کے پیشاب میں رگڑ کر ذرا گرم کر کے لگا دیا کریں۔ گلٹیاں تحلیل ہو جائیں گی۔

نسخہ خنازیر

ھنگرہ سیاہ سیر خام۔ گل منڈی سیر خام بوٹی دودھی ۱ سیر خام۔ جملہ اشیاء کا عرق نکال کر بعد غذا پلائیں۔

خوراک:۔ دونوں وقت ایک چھٹانک۔

برائے تحلیل ورم خنازیر گل سوختہ ۲ تولہ۔ دار چینی ۱ تولہ، سرکہ فندی میں حل کرکے ضماد کریں۔

جوانی میں بچپن کی شکل

ذہن کے وہ خلیے جو جسمانی ساخت کی نشو و نما میں تناسب برقرار رکھتے ہیں۔ اگر کسی وجہ سے متاثر ہو جائیں تو انسانی چہرہ جوانی میں بھی بچوں جیسا نظر آتا ہے اس کے لیے چاہیے کہ سورج طلوع ہونے سے پہلے اور رات کو سوتے وقت وضو کرکے بسم اللہ شریف کے بعد ایک ہزار مرتبہ یَا شَافِیُ پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کریں اور ہاتھ چہرہ پر پھیریں۔ علاج کی مدت کم سے کم تین ماہ اور زیادہ سے زیادہ چھ مہینے ہے۔

(روحانی علاج)

ذیابیطس

پیشاب کے ساتھ جب شکر جیسی میٹھی چیز خارج ہو اور خون میں شکر کی مقدار بڑھ جائے تو اسے ذیابیطس کہتے ہیں۔ آہستہ آہستہ ہوتا ہے۔ برسوں تک مریض کو پتہ بھی نہیں چلتا۔ ذیابیطس کو جدید علاج کی سائنس میں زندگی بھر چلنے والا مرض مانا جاتا ہے۔ لیکن قدرتی علاج کے ذریعہ اسے جلد قابو میں لایا جا سکتا ہے۔

علامات پیشاب اور خون میں معمول سے زیادہ شکر ہونا، پیشاب گاڑھا اور چپ چپا ہو جانا اور بار بار پیشاب آنا، پیشاب پر چیونٹی کا آنا زیادہ بھوک اور پیاس لگنا۔ جلد خشک ہونا، سستی، سر درد، چڑچڑاپن وغیرہ۔

وجوہات جسمانی محنت کی کمی۔ دماغی کام کا زیادہ بوجھ، زیادہ مرغن، چکنی چیزیں اور میٹھی چیزوں کا متواتر استعمال، زیادہ موٹاپا، بدہضمی فکر، بے اطمینانی، زیادہ شراب خوری یا نشیلی چیزوں کا استعمال۔ قبض۔ خاندانی معمولات روزمرہ میں بے قاعدگی، غیر متوازن کھانا پینا، رہن سہن، دماغی تناؤ۔

خبردار ذیابیطس کے مریضوں کو اونچے خون کا دباؤ، دل کا مرض، گینگرین، آنکھوں کی روشنی کا کم ہونا، گردے کے امراض۔ اور لقوہ وغیرہ ہونے کا خدشہ رہتا ہے۔ اس لیے انہیں لاپرواہی نہیں کرنی چاہیے۔

قدرتی علاج

جدید طریقہ علاج کی سائنس میں انسولین کا استعمال ذیابیطس کا حقیقی علاج نہیں ہے۔ بلکہ ذیابیطس پر قابو رکھنے کا ایک ذریعہ ہے۔

❖ مرض سے بچنے اور مرض سے نجات حاصل کرنے کے لیے سب سے بہتر قدرتی کھان پان ہی ہے۔ پھل (موسمی، سنترہ، سیب، ناشپاتی، پپیتا، تربوز خربوزہ، امرود، انناس وغیرہ) سلاد، گاجر، مولی، شلجم، کھیرا، ککڑی، پالک، پودینہ، میتھی، دھنیا، پتہ گوبھی، پھلیاں، شملہ مرچ وغیرہ) انکھوا نکلے (مونگ موٹھ چنا وغیرہ پھلوں کا رس اور سبزیوں کا جوس، پیاس زیادہ ہونے پر لیموں کا پانی لیں۔ یا ناریل کا پانی لیں۔

❖ تازہ آملے کا رس یا سوکھے آملے کے سفوف میں ہلدی کا سفوف ملا کر لینے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔

❖ جامن کے موسم میں جامن ضرور کھائیں۔ یا ایک چمچہ جامن کی گٹھلی کا سفوف شام کو پانی کے ساتھ لیں۔ ۱۵ گرام کریلے کا رس ۱۰۰ گرام پانی میں ملا کر ہر روز

ہمیشہ دن میں تین بار رنگ بھنگ تین مہینے تک متواتر پینا چاہیے۔ گیہوں کے جوارے کا رس پینے سے ذیابیطس میں بہت فائدہ ہوتا ہے۔ ایک چمچہ میتھی دانہ کو بھگو کر کھائیں اور اس کا پانی پئیں۔ یا میتھی دانہ کا سفوف بنا کر ہر روز ایک چمچہ لیں۔ دودھ کا استعمال کم کر کے چھاچھ کا زیادہ استعمال کریں۔

۲۵۰ گرام بھنڈی دو پھانک کر کے رات بھر پانی میں ڈبو کر رکھیں۔ صبح اس پانی کو پی لیں اور بھنڈی کا سالن پکا کر کھائیں۔

(قدرتی صحت یوگ)

یرقان اصفر

جگر اور تلی کی خرابی اور ایسے پرانے بخار جو دق کی طرف منتقل نہ ہوں۔ بے حد مفید ہے۔

خوب کلاں مصفا، تولہ، ریوند چینی، تولہ، شورہ قلمی، تولہ، خربق سفید اتولہ۔ سفوف بنا کر قند سفید برابر ملائیں۔ چالیس دن کے بعد اکسیر کا کام دیتا ہے۔

خوراک:۔ ۲ رتی، ایک دن میں تین خوراک صبح، دوپہر، شام دیں۔

برائے یرقان

یرقان کے مریضوں کی شفایابی کے لیے ذیل کا عمل اکسیر اعظم ہے، یہ عمل فقیر نے اپنے بزرگوں کے فرمان کے مطابق اخذ کیا ہے اور بارہا بار کا آزمودہ ہے۔

اس کے لیے ذیل کا نقش روزانہ زعفران و گلاب سے چینی کی طشتری پر بعد از نماز فجر بنائیں اسے عرق گاؤزبان اور عرق مکو ہم وزن کے ساتھ

صفحہ سابقہ والا نقش لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیں۔

یرقان کیلئے

بکھیرا ایک خودرو گھاس ہوتی ہے۔ زمین کھود کر اسکی جڑیں نکال لی جائیں۔ پانی سے دھو کر انگلی کے ایک پور کے برابر کاٹ کر رکھ لیں۔ اب مریض کے قد کے برابر کچے سوت کے اکیس یا اکتیس ناپ لے کر چار تہیں کر لیں۔ بکھیرے کی ایک جڑ گرہ میں لپیٹ کر ایک بار

اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ۔

پڑھ کر پھونک ماریں اور گرہ کس دیں۔ اسی طرح اکیس جڑوں میں اکیس گرہ لگا کر مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ جیسے جیسے مرض ختم ہوگا یہ گنڈا بڑا ہوتا جائے گا۔ یرقان ختم ہونے پر یہ گنڈا پشت کی جانب سے نکال دیں۔ اور بہتے ہوئے پانی میں ڈال دیں۔ (روحانی علاج)

اٹھرا کے لیے

دیماسہ بوٹی ۴ تولہ۔ شاہترہ ۳ تولہ۔ دونوں کا باریک سفوف تیار کر کے بقدر نخود گولیاں بنالیں۔

خوراک:۔ ایام حمل میں روزانہ ایک گولی کھلائیں۔ قبل از وقت اسقاط نہ ہوگا۔

حب اٹھرا

سر پھوکہ ۱ تولہ۔ پرانے جوتے کی راکھ ۱ تولہ۔ سپاری سوختہ ۶ ماشہ۔ گبری ۳ ماشہ

قند سیاہ کہنہ۔ سب دواؤں کو اچھی طرح باریک کرکے کپڑ چھان کرلیں اور قند سیاہ میں ملا کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں تیار کرکے سونے یا چاندی کے ورق لپیٹ لیں اور ہر ماہ ایام ماہواری سے فارغ ہونے پر اسی روز سے پانچ روز تک متواتر ایک گولی بوقت صبح پانی کے ہمراہ کھلا دیا کریں۔ اسی طرح پانچ روز متواتر یہ عمل کرکے گولیوں کا استعمال ترک کر دیں۔ اگر اگلے مہینے ایام ماہواری نہ ہوئے تو سمجھ لیں کہ امید بر آئی۔ اور اگر خدانخواستہ پھر ایام ماہواری آنے شروع ہو جائیں تو اسی طرح پھر عمل کریں، دو مہینے حد تین مہینے عمل کرتے سے دلی آرزو بر آئے گی۔

نوٹ :۔ گولی کھانے کے بعد جب تک کوئی ناشتہ نہ کریں باہر نہ جائیں۔

برائے بانجھ پن

بانجھ پن عورت کے لیے ذیل کا عطیہ ابو موسیٰ شعرانی رحمۃ اللہ علیہ از حد نافع اور اکسیر ہے۔ اس کے لیے بانجھ عورت تین ماہ تک مسلسل دوران ایام حیض سات یوم تک چینی کی طشتری پر ذیل کی آیت، نقش زعفران وگلاب سے بنا کر اس کو شہد کے شربت سے دھو کر پیتی رہے۔ تین ماہ کے عمل کے بعد غسل حیض سے پاک ہو کر رات کو بعد از نماز عشاء دو رکعت نماز نفل اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد تین مرتبہ سورۂ البلد اور تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے اور بعد از سلام پھیرنے کے تین سو تیرہ مرتبہ استغفار پڑھ کر اللہ عزوجل کے حضور دعا مانگے اور رات کو اپنے خاوند کے ساتھ ہمبستری کرے ایسے ہی سات یوم کے عمل سے انشاء اللہ تعالیٰ ۔۔۔ بفضلہ تعالےٰ

مرکبات سے بھرپور ہونی چاہیے۔اس لیے اسے کافی مقدار میں بغیر آگ پر پکی کچی چیزیں کھانا چاہیے اور بھگویا ہوا میوہ لینا چاہیے۔

❖ جسم میں جمع شدہ غیر ضروری زہریلے مادوں کو باہر نکالنے کے لیے فاقہ بہت اہم ہے۔ایک دو دن کا فاقہ کچھ وقفہ کے بعد کرتے رہنا چاہیے۔ دودھ کی بجائے دہی کا استعمال کریں۔ صبح نیم گرم پانی میں ایک چمچہ شہد اور لیموں کا رس لیں۔

❖ نمک، مرچ، مصالحے، تلی بھنی کھانے کی چیزیں۔چائے، کافی، میدا وغیرہ نہ لیں۔قبض نہ رہنے دیں۔

❖ وٹامن "ای" اور "سی" سے بھرپور غذالیں۔لہٰذا لیموں، سنگترہ، آملہ، انکھوا نکلا گیہوں وغیرہ ضرور لیں۔

❖ سردیوں کے موسم میں ہر روز صبح پانچ چھ کلی لہسن کی چبا کر اوپر سے دودھ پیئیں۔

❖ جامن کے پتوں کا کاڑھا بنا کر شہد ملا کر کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔اسے ماہواری (حیض) ختم ہونے کے بعد تین دن لگاتار رات کو دودھ سے لیں۔جب تک حمل نہ ٹھہر جائے ہر ماہواری (حیض) کے ختم ہونے کے بعد اسی طرح دہراتے رہیں۔

❖ ماہواری کے دنوں میں تلسی کے بیج چبا کر کھائیں۔

❖ چھ گرام سونف کا سفوف گھی کے ساتھ تین مہینے تک متواتر لیتے رہنے سے عورت حمل ٹھہرنے کے قابل ہو جاتی ہے۔

❖ پیڑو پر مٹی کی پٹی، کمر کا غسل، کمر کی گیلی لپیٹ۔گرم پانی کا انیما لیں۔

❖ روئی کے پھاہے بن پھٹکری لپیٹ کر اور پانی میں بھگو کر رات کو سوتے وقت اندام نہانی میں رکھیں۔صبح جب نکالیں گے تو روئی کے پھاہے کے چاروں طرف

دودھ کی کھرچن کی طرح پپڑی سی جمی ہو گی۔ جب تک پپڑی آنی بند نہ ہو اسی طرح ہر روز نام نہانی میں روئی کے پھائے میں پھٹکڑی پیسٹ کر اور پانی میں بھگو کر رکھتے رہیں۔ صحت ہو جائے گی۔

(قدرتی صحت یوگ)

برائے دشمنی

اگر دو شخصوں کے درمیان جدائی ڈالنا مقصود ہو تو اس نقش کو نزول ماہ منگل کے دن زحل کی ساعت میں تانبے کی تختی پر کندہ کرا کے چولہے میں دفن کرے اور آگ اس پر روشن کرے۔ نقش یہ ہے۔

۱	۲۵	۱۹	۱۳	۷
۱۴	۸	۲	۲۱	۲۰
۲۲	۱۶	۱۵	۹	۳
۱۱	۴	۲۳	۱۷	۱۱
۱۸	۱۲	۶	۵	۲۴

فلاں بن فلاں علی بغض فلاں بن فلاں۔ دونوں کی والدہ کا نام ضرور ہونا چاہیے

جدائی کیلئے

دو افراد کے درمیان جدائی ڈالنا منظور ہو تو یہ نقش نزول ماہ میں منگل کے دن زحل کی ساعت میں لکھے اور پرانی قبر میں دفن کر دے۔ مگر یاد رکھے کہ اس عمل کو ناجائز مقصد کے لیے ہرگز نہ کرے ورنہ نقصان کا خود ذمہ دار ہو گا۔

انت الذی	الشدید	ذالبطش	یا قاہر
لایطاق	انت الذی	الشدید	ذالبطش
انتقامہ	لایطاق	انت الذی	الشدید
یا قاہر	انتقامہ	لایطاق	انت الذی

فلاں بن فلاں علی بغض فلاں بن فلاں

برائے حمل

اگر کوئی شخص اس دعا یا عبارت کو لکھ کر (اس عورت کو جس کے اولاد نہ ہوتی ہو) دے اور وہ اسے موم جامہ کر کے اپنے گلے میں ڈالے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ عورت اسی مہینے حاملہ ہو گی۔ اور جو کسی درخت میں باندھ دے تو وہ بھی خوب پھلے پھولے گا۔ وہ دعا یا عبارت یہ ہے۔

بِسۡمِ اللہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ھُوَ ھُوَ ھُوَ ھُوَ ھُوَ ھُوَ ھُوَ

اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ اللہ

حیٌّ حیٌّ حیٌّ حیٌّ حیٌّ حیٌّ حیٌّ

قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم قیوم

وَصَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیۡرِ خَلۡقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ اَجۡمَعِیۡنَ۔

عمل تسخیر ہمزاد

اسں عمل میں صرف پرہیز کی بڑی شرط ہے۔ یعنی چالیس دن تک صرف

دال اور روٹی ایک ہی قسم کی کھانی ہوگی۔ جس اناج کی روٹی اور جس قسم کی دال اول دن سے شروع کریں وہی آخر تک رہے۔ کوئی تبدیلی اس میں نہ ہوگی۔ نمک، مرچ، کھٹائی ڈال سکتے ہیں۔ گھی کا بگھار دے سکتے ہیں۔ میوہ ہر قسم کا کھا سکتے ہیں۔ یعنی پھل پان بھی کھا سکتے ہیں مگر حقہ۔ بیڑی، سگریٹ نہیں پی سکتے۔ احرام کے طریق پر ایک کپڑا استعمال کریں جو آدھا باندھیں اور آدھا اوڑھیں۔ یہ قید عمل پڑھنے کے وقت ہے۔ بعد عمل اپنا ہر قسم کا لباس پہن سکتے ہیں۔ رات کے ۱۲ بجے کے بعد یہ عمل کرنا ہوگا۔ پڑھنے والی جگہ پر کوئی دوسرا نہ ہو۔ سرسوں کے تیل کا چراغ جلا کر اپنی پشت پر رکھو تاکہ تمہارا سایہ سامنے رہے اور گردن کی رگ پر نظر رکھتے ہوئے روزانہ سات سو ستر (۷۷۰) مرتبہ یہ آیت شریف پڑھا کرو۔ اول آخر سات سات مرتبہ درود شریف دوران عمل میں پابندی شرع لازم ہے۔ حرام سے بچو۔ جھوٹ نہ بولو۔ گالی منہ سے نہ نکالو۔ نماز پابندی سے پڑھو۔ بائیسویں دن سے مختلف صورتیں سامنے آئیں گی۔ مگر کوئی خوف ان سے نہ کرو۔ تمہارے پاس نہیں آسکتیں۔ دور رہیں گی تم تماشہ دیکھتے رہو۔ اور عمل پڑھتے رہو۔ چالیسویں دن ہمزاد سامنے آکر اظہار اطاعت کرے گا۔ اس سے عہد و پیمان لے لو۔ آیت شریف یہ ہے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ

(عمل تسخیر نظر)

نیند میں بڑبڑانے کا علاج

جو شخص سوتے میں بڑبڑاتا ہو اور کسی بھی علاج و معالجہ سے اس عادت بد سے چھٹکارا نہ پا سکتا ہو۔ اس کے لیے ذیل کا عمل نافع اور مفید ہے۔ اس

مقصد کے لیے باوضو حالت میں قبلہ رُخ بیٹھ کر کسی سفید ریشمی پارچے پر ذیل کا نقش زعفران و گلاب سے بنا کر خوشبو لگائیں اور اس پر سورۂ کوثر مع بسم اللہ شریف چودہ مرتبہ اول و آخر درود شریف شفا سات سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس کو موم جامہ کر کے اپنے گلے میں باندھ لے۔

انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی بدولت خواب یا نیند میں بڑبڑانے کی یہ عادت مکمل طور پر چھوٹ جائے گی۔

اَلْوَهَّابُ	بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ			اَلْغَفَّارُ
اَلْفَتَّاحُ	اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ			اَلْقَهَّارُ
اَلشَّهِيْدُ	فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ			اَلْقُدُّوْسُ
اَلرَّحِيْمُ	اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ			اَلرَّحْمٰنُ
اَلْاَكْرَامُ	اَلْكَرِيْمُ	اَلْعَظِيْمُ	اَلْمَلِكُ	اَلصَّمَدُ

(تحفہ درویشی)

زیادتی خونِ حیض

جس عورت کو خون غیر میعاد آتا ہو اور کثرت سے آتا ہو تو سورۂ سجدہ جس کے اعداد ۱۱۳۳۳۲ ہیں۔ اس نقش کو لکھ کر عورت اپنے گلے میں باندھے۔ دھاگہ اتنا لمبا ہو کہ تعویذ ناف تک آ جائے۔

۲۸۳۳۲	۲۸۳۳۶	۲۸۳۳۹	۲۸۳۲۵
۲۸۳۳۸	۲۸۳۲۶	۲۸۳۳۱	۲۸۳۳۷
۲۸۳۲۷	۲۸۳۴۱	۲۸۳۳۴	۲۸۳۳۰
۲۸۳۳۵	۲۸۳۲۹	۲۸۳۲۸	۲۸۳۴۰

قبض، ورم رحم، رسولی کیلئے

یہ عمل بھی پچھلے کی طرح کریں۔

اس مرض کے اہم اسباب یہ ہیں۔

ورم رحم، رسولی رحم، زخم رحم۔ دائمی قبض، تپ محرقہ، وضع حمل کے بعد رحم اچھی طرح نہ سکڑنا جسم میں خون زیادہ ہونا۔

عو	عو	عو	عو
۱۹	۱۹	۱۹	۱۹
۹	۹	۹	۹
۷	۷	۷	۷

یا قابض یا قابض یا قابض یا قابض

سیلان الرحم

گل پستہ ۶ ماشہ، قند سفید ۲ تولہ، روغن زرد ۲ تولہ، نشاستہ ۲ تولہ۔ ہر روز حلوا بنا کر استعمال کریں۔ ایک ہفتہ تک پرہیز ترشی اور گرم اشیاء سے۔

مغلظ و مقوی منی

ثعلب مصری ۶ تولہ، قرنفل ۵ عدد، فلفل دراز ۵ ماشہ، کشنیز خشک ۵ ماشہ، روپ رس یعنی کشتہ نقرہ ۵ ماشہ، طباشیر کبود ۵ ماشہ، کوزہ مصری ۲ ماشہ میں حل کر کے کھویا روغن زرد میں بریاں کر کے مصری یک سیر ملا کر بدستور معروف

معجون بنالیں۔

خوراک :۔ ا تولہ تا دو تولہ ہمراہ شیر گائے، غذا، گوشت۔ گوسفند ہمراہ نان گندم۔

اختناق الرحم (ہسٹیریا)

یہ مرض یا دورے عام طور پر ان نوجوان لڑکیوں اور غیر شادی شدہ لڑکیوں کو ہوتے ہیں۔ جو زیادہ حساس ہوتی ہیں۔ دورہ کے دوران مریضہ بے حس و حرکت پڑی رہتی ہے۔ یا غیر اختیاری حرکات کرتی ہیں۔ دورہ چند منٹ سے لے کر ایک گھنٹہ یا اس سے زائد وقت تک رہتا ہے۔ کبھی مریضہ روتی ہے کبھی ہنستی ہے۔ بات نہیں کرسکتی لیکن سنتی ہے۔ بتیسی جکڑ جاتی ہے لیکن زبان نہیں کٹتی۔ منہ سے جھاگ نہیں نکلتی۔

نسخہ یہ ہے۔

اسطخودوس ۲۰ تولہ، برنجاسف ۲۰ تولہ، مویز منقیٰ ۲۰ تولہ، سنبل الطیب ۲۰ تولہ۔ افتیمون ولائتی ۲۰ تولہ۔ رات کو ۶ کلو پانی میں تر کر کے صبح عرق ۳ کلو کشید کریں۔ اور قرع کے منہ پر عنبر اشہب کی پوٹلی اثنائے کشید عرق میں اگر عرق عنبر کی توفیق نہ ہو تو، ۷ ماشہ مرکی صاف باندھ لیں۔

خوراک :۔ ۳ سے ۵ تولہ تک بینظیر ہے۔

دفیعہ اُم الصّبیان

ام الصبیان کے مرض کے دفیعہ کے لیے ذیل کا عطیہ روحانی سید عنزت علی شاہ مکی قادری رحمۃ اللہ علیہ از حد نافع اور اکسیر ہے۔

اس کے لیے ذیل کا نقش ساعت مریخ میں تانبے کے پترے پر کندہ

کروائیں اور اس کے سرخ کپڑے کے غلاف میں بند کر کے ام الصبیان والے کے گلے میں ڈالیں۔ ایک اور نقش زعفران وگلاب سے سفید کاغذ پر بنا کر روغن کنجد میں حل کریں اور روغن کو سرخ شیشی میں ڈال کر دھوپ میں تین دن پڑا رہنے دیں۔ تین دن کے بعد اس پر سورۂ والتین ایک سو اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس تیل کی روزانہ مالش مریض کے پورے جسم پر کریں۔ تین گھنٹہ بعد نیم گرم پانی سے دھو دیں۔

انشاء اللہ العزیز الحکیم اکیس سے اکتالیس یوم کے عمل مسلسل سے مرض ام الصبیان سے مریض شفا کاملہ پائے گا۔

والتین والزیتون وطور سینین وهذا البلد الامین لقد خلقنا الانسان

الذین	١٦٩٠	١٧٢٦	١٧٠٨	١٧٢٠	١٦٩٦	١٧٠٧
امنوا	١٧٠٢	١٧٠١	١٧١٩	١٧٠٩	١٧٢٢	١٧٩٤
وعملوا	١٧٢٥	١٦٩١	١٧٠٦	١٦٩٧	١٧١١	١٧١٧
الصّٰلحٰت	١٧٠٠	١٧٠٤	١٦٩٢	١٧٢٤	١٧١٨	١٧١٠
فلهم	١٧١٤	١٧١٣	١٧٢٣	١٦٩٣	١٧٠٥	١٦٩٨
اجر	١٧١٦	١٧١٢	١٦٩٩	١٧٠٤	١٦٩٥	١٧٢١
غیر	١	یٰسٓ			١	للہ
ممنون	یا	حکما		لحا	کمین	
فما	یکذ		بک	بعد	بالدین	

باؤگولہ یا اختناق الرحم یا ہسٹریا

علامات ہسٹریا کا جب دورہ پڑتا ہے تو ہاتھ پاؤں اکڑ جاتے ہیں چہرے کی شکل بگڑ جاتی ہے۔ بغیر کسی وجہ کے چلانا، بڑبڑانا، مارنا، پیٹنا، سانس لینے میں دقت ہونا، پیٹ اور چھاتی میں درد، گلے میں کچھ پھنس جانے کا احساس، جسم کو محض چھونے سے درد کا احساس ہونا، روشنی کی طرف دیکھنے میں لاچاری ہونا۔

وجوہات یہ مرض اکثر ان جوان عورتوں کو ہوتا ہے جن کی دلی خواہش پوری نہیں ہوتی اور جو اپنے کو ہمیشہ ناآسودہ مان کر دل میں الجھن یا احساس کمتری کا احساس کرتی رہتی ہیں۔ جسمانی یا دماغی صدمہ، تناؤ، سوچ، فکر رنج، خوف، قبض یا کوئی دیگر مرض ماہواری (حیض) کی خرابی، خاوند کے تئیں بغض وعناد۔

قدرتی علاج دورے کے وقت کپڑے ڈھیلے کر دیں۔ اور تازہ ہوا لگنے دیں۔ پاؤں کے تلوے اور ہتھیلیوں کو مسلیں۔ بیہوشی کے وقت اس کے انگوٹھے کے ناخن میں اپنے انگوٹھے کا ناخن چبھو کر بیہوشی دور کریں۔ منہ پر ٹھنڈے پانی کے چھینٹے مارنے سے بھی بے ہوشی دور ہو جاتی ہے۔

- ہینگ یا پیاز کاٹ کر سنگھانے سے بھی ہوش آجاتا ہے۔
- پہلے کچھ دن رس پی کر پھر پھل کھا کر اور بغیر آگ کا پکا کچا کھانا کھا کر بعد میں متوازن خوراک پر آجائیں۔ جامن بہت مفید ہے۔ شہد کا استعمال فائدہ مند ہے۔

❖ امید افزا تعمیری خیالات بنائیں۔ مباشرت سے متعلقہ صحیح جانکاری حاصل کریں۔ دھیان اور یوگ ندرا کی مشق کریں۔

❖ ہر روز ٹھنڈے پانی سے نہانا، کھلی تازہ ہوا میں ہوا خوری کرنا اور کھلے جسم پر ہلکی دھوپ لینا بہت مفید ہے۔

❖ پدم آسن، سنگھ آسن، وجر آسن، ناڑ آسن، گربھ آسن، آنان پاد آسن، گورکش آسن، گون آسن، اردھ ہست انتھان آسن، بھجنگ آسن، شوا آسن فائدہ مند ہیں۔ (قدرتی صحت یوگ)

بندش پیشاب کیلئے

اگر سنگ گردہ مثانہ یا کسی وجہ سے کسی آدمی کا پیشاب بند ہوگیا ہو تو اس مریض کو سورۂ الحجرات جس کے اعداد ۱۰۲۸۹۲ ہیں کا نقش اس وقت لکھیں جب چاند برج عقرب میں ہو اور ساعت مریخ کی ہو پلائیں۔ اور دوسرا نقش لکھ کر مریض یا جانور کی کمر میں باندھیں۔ انشاء اللہ تعالے صحت ہوگی۔

۲۵۷۲۲	۲۵۷۲۶	۲۵۷۲۹	۲۵۷۱۵
۲۵۷۲۸	۲۵۷۱۶	۲۵۷۲۱	۲۵۷۲۷
۲۵۷۱۷	۲۵۷۳۱	۲۵۷۲۴	۲۵۷۲۰
۲۵۷۲۵	۲۵۷۱۹	۲۵۷۱۸	۲۵۷۳۰

برائے ورم طحال

جو کہ ہزاروں مریضوں پر استعمال کی جا چکی ہیں۔ میں نے اس نسخہ کو بے حد

مفید پایا ہے۔

نسخہ یہ ہے :۔

صبر زرد ۳ ماشہ، نوشادر ۳ ماشہ، عصارہ ریوند ۳ ماشہ، تخم حنظل ۳ ماشہ، سہاگہ ۳ ماشہ، کوزبن سلفاس ۳ ماشہ، ہیراکسیس ۳ ماشہ، لوٹہ بمی ۳ ماشہ، گھیگوار کے لعاب میں کھرل کر کے گولیاں بقدار نخود کے بنائیں۔

خوراک :۔ ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ سکنجبین سادہ کے کھلائیں۔

برائے درد گردہ

زیرہ سفید ۶ ماشہ کے شیرہ میں قدرے نربسی گھس کر دو تین دفعہ پلائیں اور درد کی جگہ پر فلفل گرد ا ماشہ، مغز کوبچ ۲ ماشہ، باریک پیس کر زردی بیضہ مرغ میں حل کر کے کپڑا پر لگا کر چسپاں کر دیں۔ فوراً درد کافور ہوگا۔

کشتہ ہڑتال ورقیہ

جو کہ میرے خاص الخاص مجربات سے ہے۔ استسقاء لحمی اور حمیات بلغمی مزمنہ اور نزلہ وغیرہ کے لیے اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔

صفۃ :۔ بھر واہان کے پتوں کا پانی پاؤ پختہ لے کر مقطر کر کے ہڑتال ورقی ا تولہ کو کھرل میں ڈال کر تھوڑا تھوڑا پانی ڈال کر سحق کریں۔ پھر ہڑتال مذکور کی ٹکیہ بنا کر دو اپلوں میں جن کا وزن نصف کلو پختہ کے قریب ہو ان کے درمیان کا داک کر کے رکھ لیں۔ پھر محفوظ جگہ پر جہاں ہوا نہ جا سکے آگ دیویں کشتہ برنگ سفید بر آمد ہوگا۔

خوراک :۔ ۲ چاول منقہ میں رکھ کر کھلائیں۔

بندش پیشاب کا خاتمہ

جس کسی کا کسی مرض یا سحر کی وجہ سے پیشاب بند ہو گیا ہو اور بے انتہا تکلیف سے گزر رہا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے انتہا زود اثر ہے۔ فقیر کا بارہا آزمودہ عمل ہے۔ اس کے لیے ذیل کے دو عدد نقوش زعفران و گلاب سے سفید کاغذ پر بنائیں۔ ان پر اسی آیت مبارکہ کا ایک سو ایک مرتبہ بمعہ اول و آخر درود شریف شفاء گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ اور ان میں سے ایک نقش موم جامہ کر کے زرد رنگ کے کپڑے کے اندر بند کر کے مریض کی کمر میں اس طرح باندھیں کہ یہ نقش زیر ناف رہے۔ اور دوسرا نقش پانی والی بوتل میں حل کر لیں اور روزانہ دن میں پانچ مرتبہ ان الفاظ کے ساتھ مریض کو یہ پانی پلائیں۔ الفاظ یہ ہیں۔

یا الٰہی شِفَآءُكَ بحق لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ط

انشاء اللہ تعالےٰ العزیز الحکیم تین دن کے عمل مسلسل سے مریض اس مرض سے شفاء پا جائے گا۔

بعد از شفاء نیاز حضور غوث پاک رحمۃ اللہ تعالےٰ حسب توفیق تقسیم کر دیں اور اکیس یوم کے بعد اس کمر والے نقش کو اتار کر دریا یا نہر کے بہتے پانی میں بہا دیں۔

نقش اگلے صفحہ پر۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الرحمٰن

طٰہٰ ۚ مَاۤ اَنۡزَلۡنَا عَلَیۡکَ الۡقُرۡاٰنَ لِتَشۡقٰۤی ۙ اِلَّا تَذۡکِرَۃً لِّمَنۡ یَّخۡشٰی ۙ تَنۡزِیۡلًا مِّمَّنۡ خَلَقَ الۡاَرۡضَ وَ السَّمٰوٰتِ الۡعُلٰی ؕ

طٰہٰ ۔ طٰہٰ ۔ طٰہٰ ۔ طٰہٰ ۔ طٰہٰ ۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰہِ ۔

(تحفہ نقری)

وظیفہ زوجیت پر قادر نہ ہو

اگر کوئی شخص اپنی بیوی سے محبت کرنے پر قابو نہ پا سکے تو ذیل کا عمل کرے آپ ایک حصہ پیاز اور دو حصہ شہد پر سورۂ ابراہیم جس کے اعداد ۱۸۰۵۴۴۲ ہیں۔ اگر آپ نے مذکورہ بالا سورہ کو مذکورہ بالا نسخہ پر تین دفعہ پڑھ کر پھونک دیا اور آگ پر چڑھا کر پیاز کا پانی ختم کر دیا اور صرف شہد باقی رہ جائے۔ آپ نے اسے نیچے اتار لینا ہے۔ ۳ تولہ روز کھائیں۔ مجرب ہے۔ بار ہا آزمایا ہوا ہے۔

۶۱۴۵۴	۶۱۴۵۷	۶۱۴۶۰	۶۱۴۴۷
۶۱۴۵۹	۶۱۴۴۸	۶۱۴۵۳	۶۱۴۵۸
۶۱۴۴۹	۶۱۴۶۲	۶۱۴۵۵	۶۱۴۵۲
۶۱۴۵۶	۶۱۴۵۱	۶۱۴۵۰	۶۱۴۶۱

روغن دافع نامردی

جلق، نامردی، وجع المفاصل، درد اعصاب وغیرہ، سم الفار ۶ ماشہ، شنگرف رومی ۱ تولہ، زردی بیضہ مرغ ۱ عدد، برگ مبنیلاں ½ ۱ کلو۔ تمام اشیاء کو کونڈی ڈنڈا سے یک جان کر کے گولیاں دراز بنائیں اور بذریعہ پتال جنتر روغن کشید کریں۔

استعمال:۔ نامردی کے واسطے روٹی گندم میں گھی ڈال کر چرب کریں اور اس پر ایک یا دو قطرہ روغن ہذا ڈال کر تناول کریں۔ اسی طرح ایک ہفتہ تک پھر ہفتہ کا وقفہ دے کر ایک ہفتہ استعمال کریں۔ خدا چاہے بہت جلد شفا ہوگی۔

پرہیز:۔ ترش وبادی چیز سے اور تیل میں پکی ہوئی اشیاء سے۔

جریان واحتلام کیلئے

جریان، احتلام اور سرعتِ انزال رحتیٰ کہ ذیابیطس کے لیے بہترین اور زود اثر ہے۔

نسخہ:۔ کشتہ چاندی ۶ ماشہ، کشتہ قلعی ۶ ماشہ، کشتہ شاخ مرجان ۶ ماشہ، طباشیر نیلگوں تولہ، کہربا شمعی ۶ ماشہ، ورق نقرہ ۵۰ عدد۔ تمام ادویات کو یک جان کرلیں اور محفوظ رکھیں۔ اس کے بعد لاجونتی ۱۵ تولہ بھی اضافہ کر کے محفوظ رکھیں۔

خوراک:۔ ۶ ماشہ سے ایک تولہ تک پانی یا مناسب شربت سے دن میں تین مرتبہ نوش کریں۔

جریان کے لیے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَا شَافِيُ يَا شَافِيُ يَا شَافِيُ
يَا كَافِيُ يَا كَافِيُ يَا كَافِيُ
يَا وَدُوْدُ يَا وَدُوْدُ يَا وَدُوْدُ
يَا رَحِيْمُ يَا رَحِيْمُ يَا رَحِيْمُ

پڑھ کر ایک پیالی پانی پر دم کریں اور صبح نہار منہ سورج نکلنے سے پہلے شمال رخ بیٹھ کر ایک ایک گھونٹ کر کے تین گھونٹ میں پی لیں۔ قابض اور گرم اشیاء سے پرہیز کریں۔ (روحانی علاج)

مقوی معدہ کالی مرچ کو شہد یا کسی دوسرے مفید و مناسب بدرقہ سے کھانا مقوی معدہ دوا ہے۔

ہاضم طعام کالی مرچ کو تنہا یا نمک یا مصری کے ساتھ سفوف کر کے پانی یا کسی اور مناسب مشروب کے ساتھ کھانا ہاضم طعام ہے۔

السر یا معدے کا زخم

ناقص غذاؤں کی وجہ سے یہ مرض عام ہو گیا ہے۔ چٹ پٹی، مرچ، گرم مصالحہ، تلی ہوئی اور کھٹی چیزوں سے پرہیز رکھیں۔

اس نقش کو روزانہ صبح و شام اور رات پلیٹ میں لکھ کر پانی سے دھو کر پینے سے السر اور معدہ میں زخم کی شکایت ختم ہو جاتی ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۵	۱۴	۱۶	۱	۲۱	۳۲	۱۷
۸	۶	۲	۲۶	۲۳	۱۸	۲۳
۱۰	۳	۷	۲۹	۱۹	۲۳	۲۲
۴	۱۵	۹	۲۰	۳۰	۲۷	۲۵
۱۳	۱۶	۱۱	۳۵	۲۴	۳۱	۲۸

بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمہ شی ء فی الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم

درد معدہ

کالی مرچ ۲ ماشہ کو ہم وزن نمک سیاہ کے ساتھ کوٹ کر عرق بادیان یا نانخواہ سے کھانا ہر قسم کے درد معدہ کے لیے عموماً اور وجع المعدہ بلغمی کے لیے خصوصاً نہایت مفید و مجرب ہے۔

دیگر کالی مرچ کے جوشاندے کے استعمال سے بھی اس قسم کا درد معدہ دور ہو جاتا ہے۔ اور معدہ کو تقویت بھی حاصل ہوتی ہے۔

ایّام کی زیادتی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

یَا عَجَائِبَ الْخَفَا وَیَا وَرَاءَ الْخَلْقُ

زرد روشنائی سے تعویذ لکھ کر گلے میں ڈالیں۔ زور ہو تو صرف تین روز تک

ایک ایک تعویذ یومیہ صبح نہار منہ دھو کر پی لیں۔

لیکوریا (رحم کے جملہ امراض)

هُوَ الْاَمْرُ هِيَ عَمَّا نُوْيَل
بَجَّنِ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ

رحم کے امراض (جن میں رسولی بھی شامل ہے) کے لیے مندرجہ بالا تعویذ گلے میں پہنائیں۔ شدت کی صورت میں ایک تعویذ روزانہ صبح نہار منہ چالیس روز تک پانی میں دھو کر پیئیں یا پلائیں۔

لیکوریا کے لیے

اسگند کی جڑ کا سفوف دو چھٹانک، طباشیر ۳ تولہ، ست گلو ا تولہ، کہربا شمعی ۶ ماشہ۔

ترکیب:۔ اسگند کی جڑ کو باریک کر کے چھان لیں اور تمام چیزوں کو کھرل کر کے کپڑ چھان کریں۔ باقی تمام چیزوں کے ہم وزن قند سفید ملائیں۔

استعمال:۔ صبح سویرے نہار منہ ۶ ماشہ دودھ کے ساتھ کھائیں لیکن جب دوائی کھائیں تو کھڑے ہو کر کھائیں۔

پرہیز:۔ کھٹی، تیل کی اشیاء، بڑا گوشت اور لال مرچ۔

قلب الحجر (پتھر کا دل)

اسے حکیم وید بخوبی جانتے ہیں، قلب الحجر بھی بولتے ہیں۔ خاص قسم کے پتھروں سے برآمد ہوتا ہے۔

حمل گر جانا

یہ ایسی نامراد بیماری ہے کہ جس عورت کا ایک دفعہ گر جائے اُسے حمل گرنے کی عادت پڑ جاتی ہے۔ ہزاروں علاج فیل ہو جاتے ہیں مگر قلب الحجر یعنی پتھر کا دل کبھی فیل نہیں ہوتا۔

ترکیب :۔ قلب الحجر ۴ رتی، طباشیر ۱ ماشہ، مویز ۲ عدد ملاؤ۔ یہ ایک خوراک ہے۔ حمل ٹھہرنے کے بعد اسے شروع کر دیں۔ پہلے ماہ صبح شام ایک ہفتہ تک دیں۔ پھر بند، اسی طرح دوسرے تیسرے ماہ تک دیں۔ ہمراہ دودھ یا تازہ پانی۔ جب چوتھا مہینہ شروع ہو تو قلب الحجر والا نسخہ صبح و شام دیں۔ مگر ۴ دن تک پانچویں، چھٹے ماہ تک جاری رکھیں۔ جب ساتواں ماہ شروع ہو صرف ۲ دن، آٹھویں نویں مہینے تک دیں۔ حمل مکمل ہو کر طاقتور، تندرست بچہ پیدا ہو گا۔ یہ وہ لاجواب علاج ہے جس سے آج تک نامعلوم کتنے ہزار گھروں میں لخت جگر کھیل رہے ہیں۔ ڈٹوبین وغیرہ انگریزی علاج کا منہ توڑ جواب ہے۔ حمل میں جماع سے پرہیز ضروری ہے۔

تپ دق کے لیے

یہ نسخہ میرا مجرب اور آزمودہ ہے۔ اور اس وقت تک کئی ایک سینٹی ٹوریم ہائے میں رائج ہے۔ اسکی مکمل تفصیل اور تجربات میں نے اپنی کتاب دق اور رودنتی میں وضاحت سے درج کی ہے۔

نسخہ یہ ہے :۔ دہار و دنتی سالم پھل کا سفوف ۲۰ تولہ، چھوٹا چندرا (سرپ گندھا)، جڑھ کے چھلکے کا سفوف ۱۰ تولہ، ہلدی خام بادہ چھوٹی گانٹھ کا

سفوف ۵ تولہ، آک کا تازہ دودھ ایک تولہ، مورن بنت، التی رس عمدہ ۱ تولہ۔ سب کو یک جان کر کے سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک :۔ ۲/۱ سے ایک ماشہ دن بھر میں اسے ۴ مرتبہ دودھ کے ساتھ یا کیپسول میں ڈال کر ہر قسم کے تپ دق کے لیے لاجواب دوا ہے۔

برائے سل دق

خاکستر برگ درخت لسوڑہ تولہ، خاکستر سرطان نہدی ۶ ماشہ، صمغ عربی تولہ، سفوف سازند۔

خوراک :۔ یک یک ماشہ صبح و شام بخورند نقوع برگ لسوڑہ چار عدد، یا شربت خشخاش شیریں کردہ بنوشد یک دو مرتبہ در روز شربت شنا بنوشند۔

دیگر صندل سفید در عرق گلاب کھرل کردہ تولہ، کافور ۳ ماشہ، تباشیر کوہ ۱ ماشہ مروارید ناسفتہ در عرق گلاب کھرل کردہ ۱ ماشہ، زہر مہرہ ۱ ماشہ، مغز کنول گٹہ ۱ ماشہ، کتھ ۳ ماشہ، تمام کو یک جان کر کے حب بقدر نخود بنائیں۔

خوراک :۔ ایک حب ہمراہ عرق و شربت مذکور۔

اسم اعظم

اسم اعظم کے کبریت احمر ہونے میں شک و شبہ کی گنجائش ہی نہیں ہے لیکن قدرت نے اس کو مخلوق کی نگاہوں سے پوشیدہ رکھا ہے اسی وجہ سے اسم اعظم کی تحقیق میں بڑا اختلاف ہے لیکن اکثر اس پر متفق ہیں کہ اسم اعظم اللہ ہے اور یہی مذہب ہے۔ حضرت غوث اعظم کا۔

حضرت امام زین العابدین فرماتے ہیں کہ اسم اعظم ھو اللہ الذی لا الٰہ

الا ھو رب العرش العظیم ہے۔

بعض محدثین مثلاً ابن حبان حاکم احمد بن شبیبہ اور ابن ماجہ کی تحقیق ہے۔

لا الٰہ الا انت الاحد الصمد الذی لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفوًا احد۔

یہ اسم اعظم ہے۔ بعض محدثین کی تحقیق ہے کہ اسم اعظم ان دونوں آیتوں میں پوشیدہ ہے۔ والٰھکم الٰہ واحد لا الٰہ الا ھو الرحمن الرحیم اور اللہ لا الٰہ الا ھو الحی القیوم۔

احادیث شریف کی بعض کتب مثلاً ابوداؤد، ترمذی، ابن ماجہ، شبیبہ کی تحقیق ہے کہ اسم اعظم تین سورتوں میں پنہاں ہے۔ سورۃ بقرہ اور آل عمران کی اور بعض کی تحقیق ہے کہ الحی القیوم اسم اعظم ہے اور اس پوری آیت پاک کو اسم اعظم مانتے ہیں یعنی۔

اللہ لا الٰہ الا ھو الحی القیوم

حضرت مولانا جلال الدین سیوطیؒ نے ایک مستقل کتاب اسم اعظم کی تحقیق میں لکھی ہے۔ جس میں تمام احادیث اور متصوفین اور محدثین کے اقوال کو جمع کیا ہے لیکن باوجود تمام اختلافات کے جمہور کا اتفاق اس پر ہے کہ اسم اعظم اللہ ہے۔ اس اسم کا اطلاق مجازی طریق پر دوسروں پر بھی اطلاق ہو سکتے ہیں۔ مثلاً اسم علیہم دوسروں کے واسطے قرآن پاک میں ہے۔ یہاں تک کہ ساحران فرعون کو بھی علیہم سے مخاطب کیا گیا ہے۔ مگر اسم اللہ مجازی طریق بھی آج تک کسی پر نہ ہوا جو شخص باطہارت اسم اعظم اللہ زعفران سے سوا لاکھ مرتبہ لکھے اور ہر نام کو جدا جدا کاٹ کر اور اس کی گولیاں بنا کر اور آٹے میں لپیٹ کر اسے پانی میں ڈال دیا کریں جس میں مچھلیاں ہوں تو یقیناً اس پر غیب کے خزانے کھل جائیں گے۔ اور وہ کبھی پریشان

نہ ہوگا۔ اور بادشاہوں کی طرح اس کا دبدبہ اور رعب دوسروں پر ہوگا۔ سوا لاکھ تعداد پوری کرنا ہے۔ چاہے کتنے ہی دنوں میں ہو مگر جب شروع کیا جائے تو کسی دن ناغہ نہ ہو چاہے دس بیس ہی لکھے اور گولیاں بھی روزانہ ڈالنے کی ضرورت نہیں۔ جب موقع ملے دریا میں ڈال دیا کرے۔ کوئی پرہیز اس میں نہیں ہے۔

برائے ہچکی

خواہ کیسی ہی ہچکی ہو ۱۰ منٹ میں آرام آجاتا ہے۔ جوکھار، قلمی شورہ، سہاگہ سفید بریاں، مرچ سیاہ ہر ایک چیز برابر وزن لے کر تلسی کے عرق میں چار یوم کھرل کر کے گولی بقدر گٹھلی بیر کے بنائیں۔

خوراک :۔ ایک گولی ہمراہ نیم گرم پانی کھلائیں اور ایک گولی منہ میں رکھیں۔ چند یوم میں آرام ہوگا۔

دافع قے کالی مرچ نیم کوفتہ ۴ ماشہ۔ الائچی خورد کوفتہ ۲ ماشہ۔ دونوں کو عرق پودینہ میں جوش دے کر چھان کر گھونٹ گھونٹ پیتے رہنا قے کے دفیعے کے لیے لاجواب چیز ہے۔

دیگر کالی مرچ کو رب انار یا سیب وغیرہ میں ملا کر بطور لعوق کام میں لانے سے ہر قسم کی قے رک جاتی ہے۔

دافع فواق و ہچکی کالی مرچ ۴ ماشہ کو سفوف کر کے ایک تولہ شہد میں ملائیں اور ایک خوراک صبح و شام عرق پودینہ کے ساتھ استعمال کریں۔ معدہ میں جما ہوا دودھ یا خون خارج ہوجاتا ہے۔

بچھو یا سانپ کے کاٹے کا علاج

اس میں بچھو، سانپ یا کسی زہریلے کیڑے کا کاٹنا شامل ہے کسی زہریلی دوا کا ری ایکشن ہوگیا ہو تو بھی یہی تعویذ استعمال کیا جاسکتا ہے۔

چینی کی پلیٹ میں زرد رنگ سے لکھ کر بار بار دھو کر پینے سے زہر کا اثر ختم ہو جائے گا۔ بے حد مفید اور فائدہ مند ہے۔

یَا رَحِیْمُ	یَا اَللّٰہُ	یَا مُرِیْدُ
یَا رَحِیْمُ	یَا اَللّٰہُ	یَا مُرِیْدُ
یَا رَحِیْمُ	یَا اَللّٰہُ	یَا مُرِیْدُ

یَا بَدِیْعُ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ

برائے یرقان

مرض یرقان میں مبتلا حضرات کے لیے ذیل کا عمل عطیہ شیخ نورالدین نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ از حد نافع ہے۔

اس کے لیے ذیل کا نقش روزانہ چینی کی طشتری پر زعفران وگلاب سے بنائیں اور اس کو شہد کے شربت سے دھو کر (نہار منہ پلائیں) اول و آخر درود شریف ابراہیمی بھی گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں۔

انشاءاللہ العزیز الحکیم گیارہ یوم کے عمل مسلسل سے مکمل شفا حاصل ہوگی۔

نقش اگلے صفحہ پر

یرقان یا پیلیا

قدرتی علاج:۔

جہاں تک ممکن ہو کچھ دن لیموں پانی اور رس پی کر فاقہ پر رہنا چاہیے۔ سنگترا موسمی انگور، سیب وغیرہ کا رس لیں۔ تازہ انگور نہ ملیں تو کشمش کا پانی لیں اور گنے چوسیں۔ پھل اور سلاد لیں۔

لوہا والی کھانے کی چیزیں لیں۔ کریلے کا رس پانی ملا کر لیں۔ پالک کا رس اور انجیر کا استعمال بہت فائدہ مند ہے۔

مولی کے رس میں لیموں ڈال کر پئیں۔

مولی کے پتوں کا رس دو بار لیں۔

میتھی چار گھنٹے بھگو کر ابال کر چوتھائی رہ جانے پر دس گرام شہد میں ملا کر لیں۔

سورج کی شعاعوں میں تپایا ہوا ہرے رنگ کی بوتل کا پانی پئیں۔

اینیما، مٹی کی پٹی، ٹھنڈا کمر کا غسل، اعضائے تناسل کا غسل، جگر پر گرم ٹھنڈا۔۔
سیک، گیلی چادر پیٹ لیں۔
ناڑی شودھن، پرانایام، انولوم پرانایام، وپریت کرنی، یوگ آسن، آنان پاد آسن
بھجنگ آسن، شو آسن کریں۔ (قدرتی صحت یوگ)

برائے ذیابیطس

سیماب مصفیٰ ایک چھٹانک، قلعی شدہ ایک چھٹانک۔ پہلے قلعی کو کسی کٹھالی میں ڈال کر آگ پر رکھیں کہ گل جائے پھر اس میں سیماب مصفیٰ ڈال کر خوب کھرل کریں مثل غبار باریک ہو جائے۔ یہ دوائی بقدر ایک رتی صبح بالائی یا مکھن میں ڈال کر کھلادیں اور شہد ملا ہوا دودھ بقدر ضرورت پلادیں۔ اسی طرح شام کو دیں۔ اسی طرح ایک ماہ تک استعمال کرنے سے بہت فائدہ ہوگا۔

اکسیر ذیابیطس

خشت کہنہ، کسی پرانے کنوئیں یا تالاب میں پڑی رہی ہو۔ مغز خستہ جامن، مغز خستہ انبہ یک تولہ، گنگھی ۳ تولہ، تخم کٹائی، دانہ الائچی خورد، طباشیر کبود، دارچینی کباب چینی، کشتہ صدف، کشتہ بیضہ مرغ، کشتہ فولاد۔ ہر ایک تولہ۔ افیون ۲ ماشہ سفوف تیار کر کے رکھ لیں۔

خوراک:۔ ۲، ۳ ماشہ۔ ہمراہ آب نقوع پنبہ دانہ ۹ ماشہ بغیر شیرینی آمیختہ تمام نشاستہ دار و شیریں اشیاء سے پرہیز کریں۔

دیگر شکر پیشاب میں ہو یا خون میں، دونوں حالتوں میں مندرجہ ذیل تعویذ کاغذ یا چینی کی پلیٹوں پر زعفران اور عرق گلاب سے لکھ کر تینوں وقت

کھانے سے پندرہ بیس منٹ پہلے پانی سے دھو کر پئیں۔

ع	ص	م	ح
۶	۱	۴	ق
۱	ک	ل	ت
ل	ت	۱	ی

میٹھا اس سے پرہیز ضروری ہے البتہ جامن اس مرض میں کھانا مفید ہے کالے چنے (چھلکوں سمیت) پسوا کر اس آٹے کی روٹی کھانا ذیابیطس میں خاص طور سے فائدہ مند ہے۔ (روحانی علاج)

تلی کا بڑھ جانا

سعد وقت میں لکھ کر مریض کو دیں اور ہدایت کریں کہ اس تعویذ کو تلی والے حصے میں رکھے۔ انشاءاللہ تعالٰے اپنے مقام پر آ جائے گی۔

نسخہ یہ ہے:۔
اجوائن گھیکوار کا گودا۔ گودے کو اجوائن میں ملا کر تر کر کے سکھائیں۔ ۲ گرام دن میں ۲ بار لیں۔

کھانا زہریلے اثرات سے محفوظ

کھانے کو ہر قسم کے زہریلے اور مضر اثرات سے پاک رکھنے کے لیے تاکہ وہ صحت کو کوئی ضعف نہ پہنچا سکے۔ ذیل کا عطیہ حکیم ارشد حسین نقشبندی از حد فائدہ بخش ہے۔

اس کے بعد سورۃ الغاشیہ کو چینی کی پلیٹ پر لکھ کر دھو کر پانی بنائیں اور اس پر اسی سورہ کو گیارہ مرتبہ بمعہ اول و آخر درود شریف شفاء سات سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس پانی میں ہنڈیا کو پکائیں، اور اس پانی سے آٹا گوندھیں اور روٹی پکائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ انسان ہر قسم کی تکلیف امراض سے محفوظ رہے گا۔

بے تکلف دانت نکلنے کیلئے

اس نقش کو لکھ کر موم جامہ کر کے بچہ کے گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بے تکلف دانت نکل آئیں گے۔

٢	مسح	ع	هو
و	٢	و	ط
سر	س	وط	و
ولا	ح	سے	حلا

اکسیر کالی کھانسی

زیرہ گل کنڈیاری جو گل کے بیچ میں زرد رنگ کا ہوتا ہے۔ زیرہ گل آک سایہ میں خشک کر کے ہم وزن پیس کر محفوظ رکھیں۔ ہمراہ شہد ا رتی تا ۳ رتی بچہ کو چٹائیں، سات خوراک میں کھانسی دفع ہو گی۔

پرہیز اشیاء ترش وثقیل سے۔

شوگر کا علاج

اس تعویذ کو روزانہ تہجد کے بعد ۱۱ مرتبہ پڑھیں اس کے بعد تعویذ کو پانی میں بھگو دیں۔ اور فجر کی نماز پڑھ کر پانی پی لیں۔ اللہ کی رحمت سے شوگر کنٹرول ہو کر خود بخود ختم ہو جائے گی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۰ ھو اللہ الذی لا الٰہ الا ھو ۰ عٰلم الغیب
والشھادۃ ھو الرحمٰن الرحیم ھو اللہ الذی لا الٰہ الا ھو ۰ الملک القدوس
السلام المومن المھیمن العزیز الجبار المتکبر الخالق البارئ المصور الغفار القھار
الوھاب الرزاق الفتاح العلیم القابض الباسط الخافض الرافع المعز المذل
السمیع البصیر الحکم العدل اللطیف الخبیر الحلیم العظیم الغفور الشکور العلی
الکبیر الحفیظ المقیت الحسیب الجلیل الکریم الرقیب المجیب الواسع
الحکیم الودود المجید الباعث الشھید الحق الوکیل القوی المتین الولی
الحمید المحصی المبدی المعید المحی الممیت الحی القیوم الواجد الماجد
الاحد الصمد القادر المقتدر المقدم المؤخر العفو الرؤف مالک الملک
ذوالجلال والاکرام الرب المقسط الجامع الغنی المغنی المعطی المانع
الضار النافع النور الھادی البدیع الباقی الوارث الرشید الصبور
الذی لیس کمثلہ شیئ وھو السمیع البصیر غفرانک ربنا والیک المصیر محمد رسول
اللہ السید الصادق المصدق الامین وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہ محمد وآلہ واصحابہ
اجمعین۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۰ یا لا الٰہ الا ھو احکم الحاکمین یا ارحم الراحمین

یا اسرع الحاسبین یا احسن الخالقین و یا خیر الناصرین اسئلک ان تغفرلی
ولوالدی ولاستاذی ولجمیع المومنین والمومنات وان تغفرلی فی زمرۃ الصالحین
یا الٰہ الاولین والآخرین بحق النبی وآلہ اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین

تحفۂ درویشی

کھانسی کے لیے

قدرتی علاج ایک دن کا مکمل فاقہ کریں۔ پھر دو تین دن بغیر آگ کا پکا کھانا لیں۔ سفید پیٹھا، گھیا کا رس وغیرہ بہت مفید ہے۔ تلسی اور ادرک کا رس شہد کے ساتھ ملا کر دن میں دو تین بار چاٹیں۔ انار کا چھلکا منہ میں رکھ کر چوسیں۔ ایک چمچہ لیموں کے رس میں ڈال کر دن میں تین چار بار پئیں۔ ایک چمچہ شہد کو الائچی و سونٹھ کے سفوف میں ملا کر دن میں تین بار چاٹیں۔

- خشک کھانسی میں بڑی ہڑ کا چھلکا منہ میں رکھ کر چوسیں۔ چکنائی کا استعمال نہ کریں۔ ہری سبزیوں کا سوپ لیں۔ کالی مرچ پیس کر شہد کے ساتھ لیں۔
- لگر کھانسی میں لہسن کا رس شہد ملا کر دیں۔ سورج کی شعاؤں میں تپایا ہوا بینگنی رنگ کی بوتل کا پانی دیں۔ سنگترے کا رس نیم گرم پانی میں ملا کر دیں۔ دو تین عدد لونگ کو منہ میں رکھیں اور چبائیں۔ تلسی کا کاڑھا لیں۔
- نمک کے پانی کے غرارے کریں۔ چھاتی کے اوپر کے حصے پر گیلی پٹی رکھیں۔
- سورج بھیدی پرانا یام، سر وانگ آسن، پشچم اتان آسن، ابینیا، جل نیتی کنجل کریں اور ناک کے دائیں نتھنے سے سانس لیں۔

سر درد کے لیے

سر میں درد ہو تو یہ نقش پانی میں بھگو کر پئیں۔ مرض جاتا رہے گا۔

۷۸۶

۵۱۱۵	۵۱۱۵	۵۱۱۵
۵۱۱۵	۵۱۱۵	۵۱۱۵
۵۱۱۵	۵۱۱۵	۵۱۱۵

آدھے سر کا درد

اس نقش کو لکھ کر موم جامہ میں لپیٹ کر باندھے۔ بفضلہٖ تعالےٰ دردِ سر جاتا رہے گا۔ یہ نقش اس طرف باندھا جائے گا جس طرف آدھے سر میں درد ہو گا۔

برائے پھلبہری یعنی برص

کشتہ ہڑتال گؤدنتی ۲ سرخ ہمراہ آب برگ دبار کپاس یعنی کپاس کے پتوں اور ٹینڈوں کو جن کا وزن تقریباً ۲ تولہ ہو، پاؤ پختہ پانی میں جوش دیں۔ جب پانی قریب چہارم حصہ رہ جائے چھان کر شکر تری ملا کر کشتہ مذکور صبح و شام استعمال فرمائیں۔ دو ہفتہ میں مرض برص زائل ہو جائے گی۔ مگر ادویہ مذکورہ سے پیشتر منضج کرانا ضروری ہے۔ پرہیز اشیائے حامضہ و نفخہ۔

اختلاج قلب

دواءالمسک معتدل جواہر والا، سادہ، خمیرہ گاؤزبان عنبری یا سادہ ۶ ماشہ ورق نقرہ ۱ عدد یا ورق طلاء ۱ عدد میں حسب موقعہ لپیٹ کر اول کھلا دیں اوپر سے گل گاؤزبان ۲ ماشہ، ابریشم خام ۲ ماشہ، بہمن سفید چاندی کے بجھے ہوئے ۴ ماشہ پانی میں تر کر کے کپڑے میں چھان لیں اور شربت سیب ۲ تولہ ملا کر پلا دیں۔

بدبختی کی وجہ سے پریشانی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَا وَدُوْدُ یَا وَدُوْدُ یَا وَدُوْدُ

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۝ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۝ یُحِبُّوْنَھُمْ کَحُبِّ اللّٰہِ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ ج

عشاء کے بعد ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کریں اور ہاتھ تین بار چہرہ پر پھیریں۔

یہ عمل اکیس روز چالیس روز یا نوے دن تک جاری رکھیں۔ جیسے حالات ہوں اس کے مطابق عمل کریں۔ (روحانی علاج)

امراض القلب

اطبائے ہند نے کالی مرچ کو شہد میں ملا کر کھانا مقوی قلب لکھا ہے۔

کالی مرچ کے لعوق کا استعمال خفقان بلغمی میں مفید سنا گیا ہے۔

کالی مرچ کو باریک پیس کر شربت زنجبیل پانچ گنا میں ملا کر لعوق تیار کریں اور بقدر مناسب کھلاتے رہیں۔ اعلیٰ درجہ کی محرک قلب دوا ہے۔

مرچ سیاہ کو اندرونی طور پر کھانا اور اسے گلاب میں پیس کر مقام قلب پر لیپ کرنا یا کسی روغن میں ملا کر اس کی مالش کرنا اختلاج قلب بارد میں نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔

جوڑوں کے درد سے نجات

جوڑوں کے درد کے لیے ذیل کا عطیہ روحانی سیدنا غوث الاعظم رحمۃ اللہ از حد کارگر اور آزمودہ عمل ہے۔

اس مقصد کے لیے مریض روزانہ بعد از نماز فجر طلوع آفتاب سے پہلے پہلے سورۂ اقراء سات مرتبہ پڑھ کر سجدہ تلاوت کرے۔ اور بعد سجدہ میں یہ آیت گیارہ مرتبہ پڑھ کر اپنے جوڑوں پر دم بھی کرے۔ انشاء اللہ العزیز الحکیم اکتالیس یوم کے عمل مسلسل سے اس مرض سے نجات مل جائے گی۔ آیت یہ ہے۔

حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ہ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ ہ

خفقان و اختلاج القلب کیلئے

مروارید ناسفتہ ۱ ماشہ۔ طباشیر کبود ۶ ماشہ، زرشک ۹ ماشہ۔ مغز کنول ۹ ماشہ مربہ آنولا بنارسی ۳ عدد، مربہ ہر بڑ کلاں ۳ عدد، مربہ گذر ۳ عدد۔ مربہ سیب ۱ عدد گل سیوتی ۱ تولہ۔ گل گاؤزبان ۱ تولہ۔ صندل سفید ۶ ماشہ۔ کل اشیاء کو باہم ملائیں اور تیرا تولہ میں لت پت کر کے مثل معجون بنا رکھیں۔ بقدر ۲ تولہ صبح ۲ تولہ شام ہمراہ شربت سنگترہ استعمال کرائیں۔

اکسیر سوکھا روگ

کلیجی پوڈر ۱۰ تولہ، طباشیر اصلی ۲½ تولہ، دانہ الائچی خورد ۲½ تولہ، سوڈا بائیکارب ۱ تولہ، سفوف تیار کریں۔ یہ سفوف بچوں کے سوکھا روگ میں بے حد مفید ثابت ہوا ہے

اس کے متواتر استعمال سے بچوں کی کمزوری، لاغری خرابی ہاضمہ، بخار، خشکی وغیرہ جلد سے جلد دور ہوتی ہے۔ اور بچہ چند دنوں میں توانا و تندرست ہو جاتا ہے۔

خوراک:۔ ۲ رتی سے ۴ رتی دن میں ۲ سے ۳ بار ماں کے دودھ میں یا پانی میں گھول کر پلائیں۔

برائے سوکھا پن

سوکھے کے لیے یہ نقش بینگن پر تین طرف سوئی یا چاقو کی نوک سے گویا کندہ کریں۔ اتوار کے دن جہاں بچہ سوتا ہو وہاں لٹکا دیں۔ بچہ کو اس بینگن کے نیچے اکثر رکھیں۔ جتنا جتنا بینگن سوکھے گا انشاءاللہ تعالے بچہ اتنا اتنا فربہ و توانا و تندرست ہوتا جائے گا۔ انشاءاللہ تعالے۔

نوٹ:۔ اعداد چال کے لیے ہیں۔

۷۸۶

وی ۸	ولا ۱	ط ۶
و ۳	ھ ۵	لا ۷
ای ۴	ق ۹	مس ۲

ڈبہ اطفال

ایک بالشت کا سر کنڈہ لے کر سورۂ اخلاص و معوذتین تین تین بار دم کرے چھری سے تھوڑا سا کاٹے پھر ایسا ہی کرے تین مرتبہ کرے۔ تین روز کے اندر مرض جاتا رہے گا۔

برائے سوکھا

وان یکاد الذین کفروا۔ ۴۶۹۶ ربع بکسر ۱۱۶۶۲ موم جامہ کر کے بچے کو پہنائیں اور یہ نقش دفع نظر کے لیے بھی مفید ہے۔

۴۶۹۶

۱۱۷۳	۱۱۷۷	۱۱۸۰	۱۱۶۶
۱۱۷۹	۱۱۶۷	۱۱۷۲	۱۱۷۸
۱۱۶۸	۱۱۸۲	۱۱۷۵	۱۱۷۱
۱۱۷۶	۱۱۷۰	۱۱۶۹	۱۱۸۱

سوکھا روگ

قدرتی علاج:۔
بچے کو ایک برس تک ماں کا دودھ ملنا چاہیے۔ اس کے بعد گائے یا بکری کا دودھ پانی ملا کر دے سکتے ہیں۔ دودھ پلانے والی ماں کو کیلشیم اور وٹامن "ڈی" سے بھرپور چیزیں کھانی چاہئیں۔ تلوں کا دودھ ان کے لیے بہت ہی فائدہ مند ہے۔ ہوا کا غسل اور دھوپ کا غسل ضرور کرائیں۔ ریڑھ کی ہڈی کی مالش کریں۔ پیڑو پر گیلی مٹی کی پٹی رکھیں۔ (قدرتی صحت یوگ)

خونی پیچش

اسہال کے لیے ذیل کا عطیہ حکیم اللہ دتہ قادری سہروردی از حد مفید ہے۔

اس کے لیے ذیل کا نقش زعفران و گلاب سے بنائیں اور اس کو عرق گاؤ زبان عرق کاسنی اور عرق بادیان خطائی ہم وزن کے لیے اندر حل کریں اور اس کا ایک کپ مریض کو کھانے کے پندرہ منٹ بعد تین دن استعمال کرائیں۔ انشاء اللہ تعالےٰ مریض کو پیچش سے آفاقہ ہو جائے گا۔

اگر خونی پیچش ہوں تو اس کا استعمال سات دن کریں اور روزانہ ذیل کا نقش نمبر ۲ کسی کاغذ پر بنا کر اس کو روزانہ رات کو اپنے مقعد کے اوپر اچھی طرح پھیر کر اسکی بتی بنائیں اور ذرا سے سرسوں کا تیل میں ڈبو کر نزر کریں اور اچھی طرح ملا کر نالی میں اسکی راکھ بہا دیں۔ یہ کام سات یوم تک کریں۔ بعد ازاں اپنے ہاتھ اچھی طرح صابن سے دھو کر پاک صاف کریں۔

نقش نمبر ۱:-

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ

۷۶۶۰	۷۶۵۴	۷۶۴۷	۷۶۷۲	۷۶۶۶
۷۶۶۸	۷۶۶۷	۷۶۶۱	۷۶۵۵	۷۶۴۸
۷۶۵۶	۷۶۴۹	۷۶۶۹	۷۶۶۳	۷۶۶۲
۷۶۶۴	۷۶۵۸	۷۶۵۷	۷۶۵۰	۷۶۷۰
۷۶۵۱	۷۶۷۱	۷۶۷۵	۷۶۵۹	۷۶۵۳

وَّرَحۡمَةٌ لِّلۡمُؤۡمِنِيۡنَ وَلَا يَزِيۡدُ الظّٰلِمِيۡنَ

اِلَّا خَسَارًا

نقش نمبر ۲ اگلے صفحہ پر

نقش نمبر ۴

مارگزیدہ کے لیے

میرا کئی دفعہ کا آزمودہ ہے۔ بلکہ اگر وقت پر استعمال کیا جائے تو یقینی فائدہ دیتا ہے۔

تمباکو دیسی کی جب ریاں بنتے ہیں تو اس میں سے لکڑیاں جدا کر لیتے ہیں یہ لکڑیاں جمع کر کے پھوک لیں، اور راکھ کو بھگو کر دو تین دن تک اس کا زلال لیں اور حسب دستور نمک تیار کریں، یہ نمک بوقت ضرورت مارگزیدہ کو دو تین رتی کے قریب سادہ پانی سے کھلائیں اور جائے نیش پر بھی پچھنے لگا کر دو تین رتی کے قریب مل دیں۔ انشاء اللہ تعالے آرام ہو جائے گا۔

نقش معظم

سامنے دیے ہوئے نقش کو لکھ کر مریض کے گلے میں باندھے نہایت ہی مفید ثابت ہوا ہے۔

٢١٦٨٢	٣١٦٦٥	٣١٦٨٨	٣١٨٦٦
٣١٦٣٧	٣١٦٧٦	٢١٦٨١	٢١٦٨٦
٢١٦٧٧	٣١٦٩٠	٣١٦٨٣	٣١٦٨٨
[illegible]	٣١٦٧٩	٢١٦٧٨	٣١٦٧٩

مرگی کے لیے

اگر کوئی شخص مرگی کا شکار ہو چکا ہو تو اس کو ثرن ت دیے ہوئے نقش مرغ کے خون سے لکھے اور مریض کے گلے میں ڈالے۔ اگر مرغ نہ مل سکے تو زعفران یا مشک سے لکھے۔

مسححححححح الله مسححححححح الله مسححححححح الله

درد شکم کے لیے

نیچے دیے ہوئے نقش کو ایک منڈی کے پتے پر لکھ کر مریض کو چٹاوے درد شکم فوراً دُور ہو جائے گا۔

۱۹۱	ع	ع	عص
ر	مع	۱۰	۷۸
ع	ب	۷۹	۶۲

دودھ کی زیادتی کے لیے

مندرجہ ذیل دی ہوئی آیت کو نمک پر سات بار پڑھ کر دم کرنے سے اور کھانے سے دودھ کی کثرت ہو جاتی ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ مثل الذین امو الھم

فی سبیل اللہ کمثل حبۃ واللہ یضاعف لمن یشاء واللہ واسعٌ علیم

ڈر کے لیے

اگر کوئی بچہ یا آدمی خواب میں ڈرتا ہو اور بیمار نہ ہو تو اس کے لیے سامنے دیا ہوا نقش لکھ کر اسکی گردن میں ڈالیں انشاءاللہ تعالےٰ فائدہ ہوگا۔

یا اللہ	یا رحمٰن	یا رحیم
یا مالک	یا قدوس	یا سلام
یا مومن	یا ماجد	یا رب
یا واحد یا واحد	یا واحد	یا رب
حلسا	جلسا	عسا

برائے لاکڑا کاکڑا

لاکڑا کاکڑا کے مرض کے لیے ذیل کا عطیہ حکیم احمد حسین بخاری چشتی، سہروردی ازحدا کسیر ہے۔

اس کے لیے ذیل کا نقش دو عدد زعفران و گلاب سے سفید کاغذ پر بنائیں اور ان پر انہی آیات کا ستر مرتبہ بمعہ درود شریف اول و آخر پڑھ کر دم کریں۔ ان میں سے ایک نقش موم جامہ کر کے سُرخ سوتی کپڑا میں بند کر کے مریض کے گلے میں ڈال دیں جبکہ دوسرا نقش کسی میٹھے شربت میں حل کر کے وہ شربت مریض کو پلائیں۔

انشاء اللہ العزیز الحکیم اس سے بخار لا کڑا کا کڑا دفع ہو جائے گا اور مریض تندرست ہو جائے گا۔

آیت یہ ہے :۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اِذَا السَّمَآءُ انۡفَطَرَتۡ ۙ وَ اِذَا الۡکَوَاکِبُ انۡتَثَرَتۡ ۙ وَ

اِذَا الْبِحَارُ فُجِّرَتْ ۝ وَاِذَا الْقُبُوْرُ بُعْثِرَتْ ۝ عَلِمَتْ
نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ وَاَخَّرَتْ ۝ یٰاَیُّهَا الْاِنْسَانُ مَا غَرَّكَ
بِرَبِّكَ الْكَرِیْمِ ۝ الَّذِیْ خَلَقَكَ فَسَوّٰىكَ فَعَدَلَكَ ۝
فِیْٓ اَیِّ صُوْرَةٍ مَّا شَآءَ رَكَّبَكَ ۝

بچوں کے لیے گھٹی

جوتے اور دستوں کے بند کرنے میں اکسیر ہے۔
زہر مہرہ خطائی ۳ ماشہ، ماز و ۲ ماشہ، پپیتا ۴ ماشہ، سفوف بنا کر چٹکی دیں۔

حبوب ہیضہ دافع

اَرد پوست بیخ اک ۴ ماشہ، گل سرخ تولہ، ادرک ۵ ماشہ، مویزج تولہ۔
حب بقدر دانہ مسور بنائیں۔ ہر تین گھنٹہ کے بعد ایک ایک گولی ہمراہ پلائے دیں۔
انشاءاللہ شفا ہو گی۔

سنون دافع وجع الاسنان

دمبخن بھنگری تولہ، تخم گندنا ۹ ماشہ، تخم پیاز ۶ ماشہ (اگر سفید ہو تو بہتر ہے)
عاقر قرحا ۹ ماشہ، نمک طعام ۶ ماشہ، سفوف بنا کر دانتوں پر ملیں۔ انشاءاللہ
تعالےٰ شفاء ہو گی۔

سردرد کیلئے نسوار، نوشادر، ماشہ، گیرو ماشہ، سیاہ مرچ ماشہ، نمک طعام ماشہ، نسوار بنا کے مخالف طرف سونگھیں۔ سردرد کے لیے مفید ہے۔

دافع عسرت الطمث بیخ گھکر بیل، باؤ برنگ، مالکنگنی، معسیر، بوما کھار جوکھار ہر ایک ایک ماشہ، مغز بادام مقشر ۱۲ عدد نارجیل مقشر ۴ ماشہ۔ راڑا ماشہ، موبرج ماشہ، کاکنج سفید ماشہ، جائفل ماشہ، سب کو کھرل کریں اور فرزجہ تیار کرکے لعاب کتیرا سے تر کریں اور سفوف مذکورۃ الصدر میں لتھرا پتھرا کے رحم کے منہ میں رکھیں۔ اللہ تعالیٰ شفا بخشے گا۔

کاکڑا لاکڑا یا چکن پاکس

قدرتی علاج:-

- ہوادار کمرے میں مکمل آرام کرنا چاہیے۔
- ناخن کاٹ دینے چاہئیں تاکہ انجانے میں کھجلایا نہ جاسکے کیونکہ کھجلانے سے زیادہ گہرے نشان پڑ جاتے ہیں۔
- پہلے دو دن خوراک میں رس پینے کو دیں۔ خاص طور سے ناریل کا پانی، لیموں کا پانی دیں۔
- شہد کو پانی میں ملا کر دیں۔ بھیگے ہوئے منقیٰ اور کشمش کا پانی دیں اور زیادہ سے زیادہ پانی پلائیں۔ دھنیا اور گاجر کا سوپ بہت مفید ہے۔
- اس کے بعد پھل، سلاد، انکھوا نکلا اناج وغیرہ اور وٹامن "ای" والی غذا دیں۔
- کافی، چاکلیٹ، تلی بھنی چیزیں، چینی، مٹھائی اور میدے کی چیزوں سے پرہیز

کرنا چاہیے۔

- سورج کی شعاؤں میں گرم کیا ہوا ہرے رنگ کی بوتل کا پانی پلائیں۔
- گرم پانی کا اینیما، پیٹ پر مٹی کی پٹی، ہر روز دن میں دو بار چھاتی کی لپیٹ لگائیں۔
- کسی بھی شکل میں تلسی کا استعمال ضرور کریں۔ (قدرتی صحت یوگ)

ام الصبیان

قرنفل کے چند دانے باریک کپڑا میں منڈھ کر بطور تعویذ بچہ کے گلے میں ڈال دیں۔ اس کے بعد شرعیہ دورہ نہیں پڑے گا، دورہ کی حالت میں قرنفل سنگھا دیں۔ فوراً صحت ہو گی۔

نمونیا ذات الجنب وغیرہ اوجاع الصدر و ڈبہ اطفال، کشتہ گئو دنتی ایک چاول سے ۲ رتی تک حسب برداشت وعمر و طاقت مریض کے صفراوی میں ہمراہ چاء شیریں یا شربت شفا اور دموی میں ہمراہ شربت نیلوفر کے کھلا دیں۔ درد کی جگہ پر عطر گلاب دو چار قطرے مالش کریں اور قدرت خدا کا تماشہ دیکھیں۔ منٹوں میں درد ساکن اور طبیعت بحال ہو جاتی ہے، حسب ضرورت دو چار روز بعد میں کھلا دیں۔ تپ، کھانسی وغیرہ عوارضات بھی اسی سے کافور ہو جاتے ہیں ہمارا دعویٰ ہے کہ اس سے بہتر آج تک اس مرض کا نسخہ کسی کے پاس نہیں ہے۔

اکسیر نمونیہ شاخ کوزن انولہ، برگ کنوار کلاں میں دے کر دس سیر کی آنچ دیں، سرد ہونے پر نکال کر باریک پیس کر شیشی میں رکھ لیں۔ اگر کشتہ ہونے پر کچھ نقص نظر ہو تو مکرر کر لیں۔ خوراک ایک سے ۲ رتی

ہمراہ عرق اجوائن نہایت اکسیر ہے۔

برائے اسہال بچگاں

تباشیر کبود، الائچی خورد، گل سرخ، ست گلو، ست ملٹھی، معطگی، کنول ڈوڈہ، زرشک ہر ایک ایک تولہ۔ باریک پیس کر سفوف بنالیں۔ مناسب بدرقات سے دیں۔ بچوں کی کھانسی، اسہال، بخار اور تے کے لیے بہت مجرب چیز ہے۔

ذات الریا نمونیا

کالی مرچ کو جوشاندہ یا لعوق کے طور پر استعمال کرنا ذات الریہ (نمونیا) میں نہایت مفید ہوتا ہے۔

دیگر

کالی مرچ کو روغن گل یا روغن کنجد میں ملا کر سینہ اور پھیپھڑوں کے مقام پر مالش کرنے سے بھی نمونیا کے درد میں بہت افاقہ ہو جاتا ہے اور ورم تحلیل ہو جاتا ہے۔

قصبۂ ریہ

کالی مرچ کے جوشاندے کو نیم گرم شہد سے شیریں کر کے پینے سے قصبۂ ریہ درد ہو جاتا ہے۔

پسلیوں کا درد شوصہ

کالی مرچ کے اندرونی و بیرونی استعمال سے موصہ (چھوٹی پسلیوں کے درد) کو فائدہ پہنچتا ہے۔

اسی دوا کے استعمال سے ذات الجنت (درد پہلو) بھی دور ہو جاتا ہے۔

برائے ہیضہ

(کالی مرچ وشہد سے علاج)

چوب صندل سفید، زہر مہرہ، نارجیل دریائی، نرکچور، حجر الیہود تمام کو پتھر پر عرق گلاب میں گھس کر دو دو تولہ تھوڑے تھوڑے وقفہ پر دینے سے کلی صحت حاصل ہو جاتی ہے۔ جس جگہ آزمایا تیر بہدف ثابت ہوا۔

ہیضہ کیلئے لاجواب نسخہ

کافور بھیم سینی ایک ایک رتی آب پیاز ۵ تولہ میں حل کر کے مصری ملا کر چمچہ چمچہ تا صحت دیتے رہیں۔ نئی زندگی نصیب ہوتی ہے۔

بندق اور سل کے لیے بنسلوچن، دانہ الائچی خورد، مصطگی رومی ہر ایک تولہ تولہ کہربائے شمعی بھیم سینی کافور (آیورویدک مرکب)، کشتہ مروارید ناسفتہ، زعفران کاشمیری، ہر ایک چھ چھ ماشہ۔ مشک ۴ ماشہ۔ مصری۔ ا تولہ ۸ ماشہ۔ سفوف بنا کر تین ماشہ صبح تین شام کو ہمراہ عرق ا تولہ اور شربت ۲ تولہ بہ نسخہ ذیل استعمال کرنے سے ایک ماہ میں دو سیر پختہ خون صالح پیدا ہوتا ہے۔

سانپ کاٹے کا علاج

لہسن ایک پوتھیا ایک پاؤ دودھ گائے میں پیس کر فوراً مار گزیدہ کو پلائیں۔ مریض صحت یاب ہو جائے گا۔ اگر مریض بے ہوش ہو جائے تب نوشادر پیس کر سرمہ کی طرح آنکھوں میں لگائیں۔ اور جب بیدار ہو تب دوبارہ لہسن پلائیں۔

جوشاندہ :۔

یہ جوشاندہ کلورومائی سین اور آریومائی سین کی طرح زود اثر ہے۔ ہر قسم کے میعادی بخاروں میں مفید ہے۔ موتی جھرا میں دینے سے دانے نکالتا ہے۔

نسخہ :۔

پھول گاؤزبان، سونف، خوب کلاں ہر ایک ۶، ۶ ماشہ۔ عناب ایرانی، مویز منقیٰ ہر ایک ۵، ۵ دانہ۔ جملہ ادویہ کو ایک سیر پانی میں جوش دیں اور چھان کر صبح دوپہر شام تین بار پلائیں۔

طاعون و ہیضہ سے حفاظت الٰہی

طاعون اور ہیضہ کی وبا پھیل جانے کی صورت میں اس سے بچاؤ کے لیے ذیل کا عطیہ میاں فرزند حیات قادری بے حد فائدہ بخش ہے۔

اس کے لیے ذیل کا نقش زعفران وگلاب سے موٹی قلم سے سفید گتے پر بنائیں اور اس کو تھوڑی سی خوشبو لگا کر مکان کے بڑے دروازے پر چسپاں کردیں۔

انشاءاللہ العزیز الحکیم وہ گھران وباؤں سے حفاظت الٰہی میں رہے گا۔

	بسم اللہ	الرحمن	الرحیم	
حی	۱۲۴۸۷	۱۲۴۸۱	۱۲۴۸۹	حی
قیوم	۱۲۴۸۸	۱۲۴۸۶	۱۲۴۸۳	قیوم
حی	۱۲۴۸۲	۱۲۴۹۰	۱۲۴۸۵	حی
قیوم				قیوم

کتے کا زہر زائل کرنے کیلئے

جس کسی کو کتے نے کاٹ لیا ہو اور اس کے زہریلے اثرات سے بچاؤ کے لیے ذیل کا عطیہ حکیم دیوان بابا قادری المعروف سنیاسی بابا بے حد مفید اور اکسیر ہے۔

اس کے لیے ذیل کا نقش دو عدد زعفران و گلاب سے سفید کاغذ پر بنائیں اور ان میں سے ایک نقش لاہوری نمک کے پانی میں حل کر کے پانی سے مریض کے زخموں کو بار بار دھوئیں اور دوسرے نقش کو پانی میں حل کر کے اس کا پانی مریض کو بار بار پلائیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

وَاِذَا النُّجُوۡمُ انۡكَدَرَتۡ ۝ وَاِذَا الۡجِبَالُ سُيِّرَتۡ ۝
وَاِذَا الۡعِشَارُ عُطِّلَتۡ ۝ وَاِذَا الۡوُحُوۡشُ حُشِرَتۡ ۝
وَاِذَا الۡبِحَارُ سُجِّرَتۡ ۝ وَاِذَا النُّفُوۡسُ زُوِّجَتۡ ۝
وَاِذَا الۡمَوۡءٗدَةُ سُئِلَتۡ ۝ بِاَىِّ ذَنۡۢبٍ قُتِلَتۡ ۝ وَاِذَا
الصُّحُفُ نُشِرَتۡ ۝ وَاِذَا السَّمَآءُ كُشِطَتۡ ۝ وَاِذَا
الۡجَحِيۡمُ سُعِّرَتۡ ۝ وَاِذَا الۡجَنَّةُ اُزۡلِفَتۡ ۝ عَلِمَتۡ
نَفۡسٌ مَّاۤ اَحۡضَرَتۡ ۝ فَلَاۤ اُقۡسِمُ بِالۡخُنَّسِ ۝ الۡجَوَارِ
الۡكُنَّسِ ۝ وَالَّيۡلِ اِذَا عَسۡعَسَ وَالصُّبۡحِ اِذَا تَنَفَّسَ
بحق شَافِیۡ یَا سَیِّدِ الشَّافِیۡ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰہِ
و بحق
لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰہِ ط

اذا الش... الحمد للّٰہ رب العلمین ۝ الرحمٰن الرحیم ۝ ملک یوم الدین ۝ ایاک نعبد وایاک نستعین ۝ اھدنا الصراط المستقیم ۝ صراط الذین انعمت علیھم غیر المغضوب علیھم ولا الضالین

ان شاء اللہ العزیز الحکیم چند دن کے اندر اندر مریض کے اندر سے تمام زہریلے اثرات ختم ہو جائیں گے۔ اور مریض صحت یاب ہو جائے گا۔ (تحفہ نقیری)

بچہ کی پسلی کے لیے

جس بچے کو پسلی کا عارضہ ہو جائے یہ نقش موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے۔ اس طرح کر تعویذ کوڑی پر پڑا رہے انشاء اللہ تعالیٰ شفاء ہو گی۔ نقش یہ ہے۔

یا ہادیُ	یا ہادیُ	یا اللہُ	یا اللہُ
یا ہادیُ	یا فتاحُ	یا فتاحُ	یا اللہُ

پسلی کا درد یا پلوریسی

قدرتی علاج :۔

اس کا صرف ایک ہی علاج ہے فاقہ کرنا۔ صرف پانی اور سنگترے کا رس دیں۔ رس پر فاقہ ایک ہفتہ تک جاری رہ سکتا ہے۔

اس دوران ہر روز گرم پانی کا اینیما، چادر لپیٹ، نیم گرم پانی سے جسم کا اسفنج، گرم گیلی پٹی کی چھاتی کی لپیٹ دن میں دو تین بار کریں۔

جب درجہ حرارت معمول پر آ جائے اور زور کی بھوک لگے تو سمجھیں کہ تکلیف دور ہو گئی۔

جوڑوں اور گنٹھیا کا علاج

جوڑوں اور گنٹھیا کے مرض میں مبتلا افراد علاج کے ذیل کا عطیہ حکیم ارشد حسین

نقشبندی از حد فائدہ بخش ہے۔

اس کے لیے ذیل کا نقش زعفران وگلاب سے سفید کاغذ پر بنائیں اس کو روغن زیتون میں حل کرلیں اور اس کی مالش جوڑوں پر کریں اور دو گھنٹے بعد نیم گرم پانی سے دھولیں۔ بعد ازاں سات مرتبہ سورۃ الغاشیہ پڑھ کر جوڑوں پر دم کریں۔ انشاء اللہ العزیز الحکیم اس مرض سے شفا ملے گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

هَلْ اَتٰكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ ۝ وُجُوْهٌ

۹۳۶۴	۹۳۶۷	۹۳۷۰	۹۳۵۶
۹۳۶۹	۹۳۵۷	۹۳۶۳	۹۳۶۸
۹۳۵۸	۹۳۷۲	۹۳۶۵	۹۳۶۲
۹۳۶۶	۹۳۶۱	۹۳۵۹	۹۳۷۱

لَا يُسْمِنُ وَلَا يُغْنِيْ مِنْ جُوْعٍ ۝

يَوْمَئِذٍ خَاشِعَةٌ ۝ عَامِلَةٌ نَّاصِبَةٌ تَصْلٰى نَارًا حَامِيَةً ۝ تُسْقٰى مِنْ عَيْنٍ اٰنِيَةٍ ۝ لَيْسَ لَهُمْ طَعَامٌ اِلَّا مِنْ ضَرِيْعٍ ۝

برائے برص یعنی سفید داغ

جو کہ تیس سالہ خواہ پچاس سالہ ہو، مجرب ہے کئی بار کا آزمودہ ہے۔ سفوف ریوند چینی ٦ ماشہ ہمراہ آب باسی ١٠ تولہ، شہد ١ تولہ حل کر کے ہر روز بوقت صبح دیں۔

استعمال :۔ حلا استعمال چھ ماہ سے ایک سال تک۔

خناق کے لیے

یہ مرض عام طور پر معصوم بچوں کو ہوتا ہے۔ اس مرض میں خورد بین سے بھی نظر نہ آنے والے کیڑے سانس کی نالی میں اس تیزی سے پرورش پاتے ہیں کہ چند گھنٹوں میں سانس کی نالی بند ہوجاتی ہے۔ اگر بروقت تدارک نہ کیا جائے تو یہ کیڑے جھلی کی شکل میں سانس کی نالی کو بالکل بند کر دیتے ہیں اور مریض کا دم گھٹ جاتا ہے۔ اس موذی مرض سے نجات حاصل کرنے کے لیے ایک مرتبہ یہ پڑھ کر پانی پر دم کریں۔

مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ط

اور یہ پانی بار بار حلق میں ڈالیں اور گلا سہلاتے رہیں تاکہ پانی حلق سے نیچے اتر جائے۔ اس مرض میں لاپرواہی نہ کریں۔ خطرناک مرض ہے۔

(روحانی علاج)

برص (سفید داغ)

قُلْ هُوَ الْمُعِیْنُ یَا مَعْرُوْفُ الْمَنَّانُ وَالْحَلِیْمُ

ایک عرصہ تک پلیٹوں پر لکھ کر پانی سے دھو کر تین وقت پئیں۔ اس مرض میں مچھلی، انڈا اور دہی سے پرہیز ضروری ہے۔

بیماری جو سمجھ میں نہ آئے

یہ نقش کاغذ پر لکھ کر گلے میں ڈال دیں۔ اگر بیماری دورے کی شکل میں ہو تو ایک تعویذ دھو کر پلائیں۔ نقش اگلے صفحہ پر۔

برص یا پھلبہری

قدرتی علاج :۔

❖ سب سے پہلے کچھ دن پھلوں اور سبزیوں کے رس پر رہیں۔ اس کے بعد ایک دو برس تک بغیر آگ کی پکی یعنی کچی غذا انکھوا نکلا اناج وغیرہ لیں۔ پندرہ دن میں ایک بار رس پی کر فاقہ کرنے کے عمل کو دہراتے رہیں۔

❖ گاجر، چقندر، بھگویا یا انکھوا نکلا کالا چنا، انجیر، کھجور، تلسی کے پتے، تر پھلا تھوڑی ہلدی ملا کر، نیم کی پتیاں خاص طور پر مفید ہیں۔ رات کو تانبے کے برتن میں رکھا پانی ضرور پئیں۔

❖ چائے، کافی، سفید چینی، نمک، مرچ، مصالحے۔ ڈبہ بند کھانے، بوتل بند کھانے کی چیزیں۔ نشیلی چیزیں، گوشت، انڈا وغیرہ کا قطعی استعمال نہ کریں۔

اولاد نرینہ

جس کسی عورت کے ہاں لڑکیاں پیدا ہوتی ہوں اور لڑکا نہ ہوتا ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد نافع ہے۔

اس مقصد کے لیے بعد از نماز فجر باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر ذیل

کا نقش سفید کاغذ پر زعفران وگلاب سے بنائیں اور اس پر سورہ کوثر اور آیت ذیل اکتالیس اکتالیس مرتبہ اول و آخر درود شفاء اکیس اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس نقش کو موم جامہ کرکے عورت کو جب تین ماہ کا حمل ہوجائے پیٹ کے بائیں جانب باندھ دیں۔ انشاءاللہ تعالے اس عمل کی بدولت اولاد نرینہ حاصل ہوگی۔

بسم	اللہ	الرحمٰن الرحیم
لَا یَرَوْنَ فِیْهَا شَمْسًا وَّلَا زَمْهَرِیْرًا		
اِنَّا	اَعْطَیْنٰکَ	الْکَوْثَرَ
فَصَلِّ	لِرَبِّکَ	وَانْحَرْ
اِنَّ	شَانِئَکَ	هُوَالْاَبْتَرُ

(تحفہ درویشی)

وضع حمل کے بعد پیٹ کا بڑھنا

اکثر دیکھا گیا ہے کہ اگر بچہ کی پیدائش کے بعد پیٹ کی صحیح دیکھ بھال نہ کی جائے تو پیٹ بڑھ جاتا ہے۔ اس کے لیے

نَسْطِیْرِ شَیٔ ءٍ الْحِرْصُ

زردرنگ سے پلیٹ پر لکھ کر صبح، دوپہر، شام ایک ایک پلیٹ پانی سے دھو کر پلائیں۔

اولاد نرینہ کے لیے

اولاد نرینہ کے حصول کے لیے ذیل کا عمل اخذ کردہ اعمال رضا از قاضی عبدالرحیم بستوی سفید اور نافع ہے۔

جب عورت کا حمل ایک ماہ کا ہو جائے تو باوضو حالت میں تین دن تک حاملہ عورت کی داہنی پسلی پر مرد انگشت شہادت سے سورۂ اعلیٰ کو تین مرتبہ لکھے اور اس پر سترہ مرتبہ سورۂ اعلیٰ پڑھ کر دم بھی کرے انشاء اللہ تعالےٰ اس عمل کی بدولت اللہ عزوجل اولاد نرینہ سے نوازیں گے۔

سفوف برائے طاعون

پپیتا ۶ ماشہ، بتاشیہ ۸ ماشہ، الائچی سفید ۲ تولہ، جدوار ۲ تولہ، زہر مہرہ خطائی ۱ تولہ، زعفران ۶ ماشہ، مشک کافور ۱ تولہ، کمیلہ ۱ تولہ، درد نج عقربی ۶ ماشہ خوراک :۔ ۲ رتی، ہمراہ عرق گاؤزبان، بید مشک، کیوڑہ و عرق نیلوفر۔

برائے طلا گھونگچی سفید ۱ تولہ، قرنفل ۲ تولہ، شیر مدار ۲ تولہ، آب پیاز ۲ تولہ۔ ان سب اشیاء کو کھرل کر کے تین دفعہ گلٹی پر لیپ کریں۔

فساد دشمن ختم کرنا

فساد دشمن کے خاتمہ کے لیے امام جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ کا ذیل کا عمل بے حد اکسیر ہے۔

اس کے لیے ذیل کا نقش زعفران و گلاب سے کچی اینٹ پر تیار کریں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قل اعوذ برب الفلق

۲۳۱۳	۲۳۱۶	۲۳۱۹	۲۳۰۵
۲۳۱۸	۲۳۰۶	۲۳۱۲	۲۳۱۷
۲۳۰۷	۲۳۲۱	۲۳۱۴	۲۳۱۱
۲۳۱۵	۲۳۱۰	۲۳۰۸	۲۳۲۰

من شر ما خلق و من شر غاسق اذا وقب

سکل شر الخناس

دفع شود بحق یا قاھر یا قہار یا ذا البطش

الشدید انت الذی لا یطاق انتقامہ

زبر کن فلاں بن فلاں بحق فلاں بن فلاں

اس پر سورۂ ماعون اکیاسی مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس کچی اینٹ کو دو پرانی قبروں کے درمیان دفن کریں۔ انشاءاللہ تعالےٰ ہمیشہ کے لیے ختم ہو جائے گا۔

جگر کے تمام امراض

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کان البحر مدادا لکلمات ربی

ایک کاغذ پر لکھ کر تعویذ بنا لیا جائے۔ عورتیں گلے میں پہنیں اور مرد بازو پر

باندھیں۔ اس کے علاوہ کاغذ یا پلیٹوں پر لکھ کر پانی سے دھو کر نہار منہ پئیں۔
جگر یا گردوں کی خرابی سے اگر جسم پر ورم آجائے۔ وہ بھی اس علاج سے ختم
ہو جاتا ہے۔ (روحانی علاج)

مقوی جگر

کالی مرچ ۲ یا ۳ ماشہ کی مقدار شہد یا شربت زراوند یا کسی مفید بدرقہ
سے کھانا مبرودین کے لیے مقوی جگر ہے۔

دیگر کالی مرچ ایک ماشہ، تخم کاسنی ۵ ماشہ، زرشک شیریں ۳ ماشہ
تینوں کو پاؤ بھر پانی میں بطور ٹھنڈائی گھوٹ کر مصری وغیرہ سے شیریں
کر کے پئیں۔ اعلیٰ درجہ کا مقوی جگر ہے۔

دیگر کالی مرچ کو شربت ریوند چینی کے ساتھ کھانا مقوی جگر ہے اور
اس کو سدوں اور غلیظ مواد ات وفضلات سے پاک کرتی ہے۔

درد جگر بلغمی

کالی مرچ کو شربت کاسنی یا سکنجبین اصلی کے ساتھ کھانے سے درد
جگر بلغمی کا ازالہ ہوتا ہے۔

سوءالقینہ

مرچ سیاہ، ریوند خطائی، خبث الحدید مدبر، ہر ایک ہم وزن لے کر خوب
باریک بنا کر تین گنا شہد میں ملا رکھیں اور چھ ماشہ صبح نہار منہ عرق بادیان سے
کھا لیا کریں۔

مسکن درد

کالی مرچ ۳ ماشہ، افیون ۱ ماشہ، دونوں کو سرکہ میں پیس کر مقام جگر پر ضماد کر دیں۔ مسکن درد ہے۔

ورمِ جگر

کالی مرچ ۶ ماشہ کو نیم کوب کر کے پاؤ سیر عرق مکو میں جوش دیں پھر چھان کر اس میں شہد ۲ تولہ شامل کر کے نیم گرم پئیں۔

دیگر کالی مرچ ۳ ماشہ، پرسیاوشان، تخم کرفس، تخم شبت ہر ایک ۴ ماشہ سب کو پاؤ سیر عرق مکو میں جوش دے کر چھان کر شربت بزوری ۲ تولہ ملا کر پلائیں۔ ورم جگر درد کے لیے بہت مفید ہے۔

دیگر کالی مرچ ۴ ماشہ۔ آرد جو ۸ ماشہ، برگ مکو ایک تولہ۔ سب کو سرکہ میں گھوٹ کر مقام ماؤف پر نیم گرم ضماد کریں۔ ورم جگر میں مفید ہے۔

ورمِ طحال

کالی مرچ شربت سکنجبین یا کسی دوسرے بدرقہ سے کھانے سے طحال کا ورم تحلیل ہو جاتا ہے۔

یہی دوا اعظم طحال کے لیے بھی نہایت مفید ہے۔

اکسیر امراضِ جگر

کالی مرچ، نانخواہ، تخم کرفس، ریوند چینی، ریوند خطائی، زر بناد سب دوائیں

ہم وزن لے کر خوب باریک کر کے تین گنا شہد میں ملا رکھیں۔ ۴ ماشہ سے ۶ ماشہ تک ہر روز کھایا کریں۔ بہت سے امراض جگر میں مفید ہے۔

(کالی مرچ سے علاج)

رعشہ کے لیے اکسیر اعظم

رعشہ کے مریضوں کے لیے ذیل کا عمل عطیہ فقیری آزمودہ اور اکسیر اعظم ہے اس کے لیے ذیل کا نقش زعفران وگلاب سے سفید کاغذ پر تیار کریں۔ اب روغن زیتون اور روغن کلونجی ہم وزن لے کر ان دونوں کو شیشے کی سرخ بوتل میں ڈال کر اس میں اس نقش کو حل کر لیں اور اس شیشی کو سات دن دھوپ میں اس طرح رکھیں کہ بوتل زیادہ وقت دھوپ میں پڑی رہے۔

اب اس بوتل پر ذیل کی آیات تین دن روزانہ بہ تعداد گیارہ سو پڑھ کر دم کریں اول وآخر درود شریف شفاء بھی گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ اب اس تیل کی مالش صبح وشام نیم گرم حالت میں ٹانگوں اور رعشہ زدہ حصوں پر مالش کریں دو گھنٹے بعد نیم گرم پانی سے ان کو صاف کریں۔

انشاء اللہ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت بہت جلد مریض اس مرض سے شفا پا کر تندرست ہو جائے گا۔

اسی طرح اس عمل کو رعشہ پڑ جانے والے اعضاء بالخصوص پاؤں کے معاملے میں بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ ہر دو صورتوں میں مریض کو روزانہ سورۂ فاتحہ شریف بمعہ وصل بسم اللہ شریف اکتالیس مرتبہ، آیات شفاء اکتالیس مرتبہ آیت الکرسی گیارہ مرتبہ، اول وآخر درود شفاء۔ گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی بھی دم کر کے صبح وشام پلایا کریں۔ بے حد ضروری ہے۔ آیت مبارکہ اگلے صفحہ پر

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلَا یَظُنُّ اُولٰٓئِكَ اَنَّهُمۡ مَّبۡعُوۡثُوۡنَ ۝ لِیَوۡمٍ عَظِیۡمٍ ۝ یَّوۡمَ یَقُوۡمُ النَّاسُ لِرَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ۝

نقش یہ ہے:-

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

یا شافی

١٢٧١	١٢٦٣	١٢٦٩
١٢٦٥	١٢٦٨	١٢٧٠
١٢٦٧	١٢٧٢	١٢٦٤

یا شافی

یا شافی

(تحفہ فقری)